آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 16 جولائی 2020ء بمطابق 24 ذیقعد 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 194

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

ترقیاتی محکموں کو تقرریوں، تبادلوں، میرٹ رنگ کے عمل سمیت تمام امور میں ہر قسم کے دباؤ سے محفوظ بنایا گیا ہے، اس کے باوجود اگر محکمے ترقیاتی منصوبوں میں بہتر کارکردگی نہیں دکھاتے تو انہیں جوابدہ ہونا پڑے گا

اگر ہم تعمیراتی منصوبوں کی خامیوں کو سامنے لاکر انہیں ٹھیک نہیں کریں گے تب تک تعمیر کے معیار کو یقینی نہیں بنایا جاسکتا، انہیں ٹھیک کئے بغیر ان منصوبوں کے معیار کو بہتر نہیں بنایا جاسکتا

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا، ٹھیک کام نہ کرنے والے افسران اور اہلکاروں کے خلاف کاروائی اور ٹھیکیداروں کو نوٹسز جاری کرکے بلیک لسٹ کیا جائے گا، جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ ترقیاتی محکموں کو تقرریوں، تبادلوں، میرٹ رنگ کے عمل سمیت تمام امور میں ہر قسم کے دباؤ سے محفوظ بنایا گیا ہے، اس کے باوجود اگر محکمے ترقیاتی منصوبوں میں بہتر کارکردگی نہیں دکھاتے تو انہیں جوابدہ ہونا پڑے گا، ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا، ٹھیک کام نہ کرنے والے افسران اور اہلکاروں کے خلاف کاروائی اور ٹھیکیداروں کو نوٹسز جاری کرکے بلیک لسٹ کیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے لوراں کلی روڈ اور ایئرپورٹ روڈ کی خوبصورتی کے زیر تکمیل منصوبوں میں پائی جانے والی خامیوں کو دور

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

چلاس وزیراعظم عمران خان میر بھاشا ڈیم منصوبہ کی تعمیر کا افتتاح کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

پی ایس ڈی پی کی جانچ پڑتال اور جائزہ لینے کیلئے کمیٹی قائم

بلوچستان ہائی کورٹ نے آئندہ مالی سال 21-2020ء کی پی ایس ڈی پی کی جانچ پڑتال اور جائزہ لینے کیلئے کمیٹی قائم کردی، کمیٹی کے سربراہی ایم آئی ٹی کے چیئرمین جبکہ دو ممبران حکومت اور دو ممبران اپوزیشن سے ہوں گے

سماعت کے دوران ڈویژنل بنچ نے آئندہ مالی سال 21-2020ء کی پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) سے متعلق سی ایم آئی ٹی کے سربراہ سجاد احمد بھٹہ کی سربراہی میں کمیٹی قائم کردی

صوبائی سیکرٹریز خزانہ، لاء اور چیف اکنامسٹ بھی کمیٹی کے ممبران ہوں گے، کمیٹی ایک ہفتے کے اندر اپنی رپورٹ مرتب کرکے عدالت میں پیش کریگی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے آئندہ مالی سال 2020-21ء کی پی ایس ڈی پی کی جانچ پڑتال اور جائزہ لینے کیلئے کمیٹی قائم کردی، کمیٹی کے سربراہی ایم آئی ٹی کے چیئرمین جبکہ دو ممبران حکومت اور دو ممبران اپوزیشن سے ہوں گے، صوبائی سیکرٹریز خزانہ، لاء اور چیف اکنامسٹ بھی کمیٹی کے ممبران ہوں گے، کمیٹی ایک ہفتے کے اندر اپنی رپورٹ مرتب کرکے عدالت میں پیش کریگی۔ گزشتہ روز بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس جواد ایم خان منڈوخیل اور جسٹس جناب جسٹس نذیر احمد لانگو پر مشتمل ڈویژنل بنچ نے اپوزیشن اراکین اسمبلی کی جانب سے دائر آئینی درخواست کی سماعت کی۔ سماعت کے موقع پر درخواست گزار قائد حزب اختلاف ملک سکندر ایڈووکیٹ، ملک نصیر احمد شاہوانی، شاہ بلوچ،

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

زیارت وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی سربراہی میں قائم کمیٹی کے اراکین کے ساتھ گروپ فوٹو

عمران خان اور اس کے فرنٹ مین کے الیکٹرک کی کرپشن کو تحفظ فراہم کررہے ہیں، بلاول بھٹو

پی ٹی آئی نے اپنی کرپشن کے حوالے سے میری پریس کانفرنس میں اٹھائے گئے سوالات کا جواب نہیں دیا، چیئرمین پیپلز پارٹی

سینیٹ میں ہیرا سیف کا بیان تاریخ پاکستان کیلئے تباہ کن ثابت ہوسکتا ہے، بلاول بھٹو زرداری کے ترجمان کا صحافی فراز کھوکھر

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ تیسرا دن ہوگیا ہے، پی ٹی آئی نے اپنی کرپشن کے حوالے سے میری پریس کانفرنس میں اٹھائے گئے سوالات کا جواب نہیں دیا، عمران خان اور اس کے وزیروں کے فرنٹ مین نیب چیئرمین تو اپنے کے پی آئی پی منصوبے میں ہونے والی کرپشن میں ملوث ہیں۔ اپنے ٹویٹر بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عمران خان اور اس کے فرنٹ مین کے الیکٹرک کی کرپشن کو تحفظ فراہم کررہے ہیں، میں نے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

پانی، بجلی سمیت ہر شعبے کی ترقی، عوام کی خوشحالی عمران خان کی اولین ترجیح ہے، سینیٹر شبلی فراز

دیامر بھاشا ڈیم کی تعمیراتی ضروریات کے تحفظ کی ضامن ہوگی، یہ اقدام معاشی سرگرمیوں کی روانی میں سنگ میل ثابت ہوگا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ پانی، بجلی سمیت ہر شعبے کی ترقی، عوام کی خوشحالی عمران خان کی اولین ترجیح ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ پانی، بجلی سمیت ہر شعبے کی ترقی،

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ کا حکم بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی 2 نجی ہسپتال سیل

دیگر ہسپتالوں اور نجی عمارتوں کو نوٹسز جاری کردیئے گئے ہیں، طارق جاوید مینگل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر طارق جاوید مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم پر بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے تعمیر ہونے والے 2 نجی ہسپتالوں کو سیل جبکہ دیگر ہسپتالوں اور نجی عمارتوں کو نوٹسز جاری

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

عوام عید سادگی سے منائیں، تمام افراد حفاظتی اقدامات پر عمل کرنے کو یقینی بنائیں، وزیر داخلہ

ہمیں بحیثیت قوم اس وبا کا مقابلہ کرنا ہے، حکومتی سطح پر ہر ممکن کوشش کررہے ہیں کہ عوام کا تحفظ یقینی بنائیں، بریگیڈیئر ریٹائرڈ اعجاز شاہ کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ بریگیڈیئر ریٹائرڈ اعجاز شاہ نے کہا ہے کہ عوام عید سادگی سے منائیں، تمام افراد حفاظتی اقدامات پر عمل کرنے کو یقینی بنائیں، ہمیں بحیثیت قوم اس وبا کا مقابلہ کرنا ہے، حکومتی سطح پر ہر ممکن کوشش کررہے ہیں کہ عوام کا تحفظ یقینی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

دیامر بھاشا ڈیم پر موبائلز پیشن تارکی سنگ میل ہے، منصوبے سے 4500 میگاواٹ سستی بجلی مل سکے گی، چیئرمین پی ایک اتھارٹی

بجلی اور انجینئر کی صنعتی کو فروغ ملے گی، منصوبے سے 16 ہزار نوکریاں پیدا ہوں گی اور بجلی کی ترسیل کا 18 ارب 10 کروڑ روپے بچت ہوگی، عاصم سلیم باجوہ

اسلام آباد (این این آئی) سی پیک اتھارٹی کے چیئرمین اور وزیراعظم کے معاون خصوصی اطلاعات لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عاصم باجوہ نے کہا ہے کہ دیامر بھاشا ڈیم پر موبائلز پیشن تارکی سنگ میل ہے، منصوبے سے 4500 میگاواٹ سستی بجلی مل سکے گی۔

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پاکستان پوسٹ کی جانب سے مختلف شہروں سے آنے والے پارسل گھروں تک منتقل نہ کرنے کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پوسٹ کی جانب سے مختلف شہروں سے آنے والے پارسل گھروں تک منتقل نہ کرنے کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا عوامی حلقوں کا مطالبہ ہے کہ ایس او پیز پر عملدرآمد کرتے ہوئے پاکستان پوسٹ کے ذریعے پارسل کو گھروں تک پہنچایا جائے، تفصیلات کے مطابق پاکستان پوسٹ کی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نوائی کلی روڈ اور ایئرپورٹ روڈ کی خوبصورتی کے زیر تکمیل منصوبوں کی خامیوں کو دور کرنے کے اقدامات کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ضلع پشین کے علاقے ایمبولینس اور کار میں ٹکر ایک شخص جاں بحق متعدد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) ضلع پشین کے علاقے ایمبولینس اور کار میں ٹکر ایک شخص جاں بحق متعدد زخمی لیویز کے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ماشکیل بگ کے ایریا میں ڈاکوں کی فائرنگ سے نوجوان شدید زخمی

واشک (آن لائن) ماشکیل بگ کے ایریا میں ڈاکوں کی فائرنگ سے نوجوان شدید زخمی اطلاعات کے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ آف پاکستان لورالائی سمیت صوبے اور ملک بھر کے ہسپتالوں میں بنیادی ڈیڈ کا نوٹس لیں، محمد اسحاق حمزہ زئی

لورالائی (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان لورالائی سمیت صوبے اور ملک بھر کے ہسپتالوں

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ضلع ڈیرہ بگٹی کے مکینوں کو بلاتعطل بجلی سمیت تمام سہولیات فراہم کئے جائیں، شازین بگٹی

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) رہنماء جمہوری وطن پارٹی اور رکن قومی اسمبلی نوابزادہ شازین بگٹی نے کہا ہے کہ ان

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وفاقی حکومت نے ضلع دیامر میں دسمبر 2020 تک پاک فوج کی 120 کمپنیز تعینات کرنے کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے ضلع دیامر میں دسمبر 2020 تک پاک فوج کی 120 کمپنیز

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

20 جولائی سے دوبارہ انسداد پولیو مہم شروع ہورہی ہے، والدین تعاون کریں، ڈاکٹر ظفر مرزا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا ہے کہ انشاءاللہ

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کے ذریعے اب تک تقسیم کی جانے والی رقم کی تفصیلات جاری کردی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کے ذریعے اب تک تقسیم کی جانے والی رقم کی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ایل این جی قیمت میں سولی ڈوران سسٹم پر 5.66 فیصد اور سولی سدرن سسٹم پر ایل این جی قیمت میں 6.36 فیصد اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے جولائی کے لیے مائع

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت نے سمارٹ لاک ڈاؤن میں 15 روز کیلئے توسیع کردی

دس یا دس سے زیادہ لوگوں کی اجتماع، تمام مذہبی، سیاسی و دیگر اجتماعات، سماجی فاصلے کے بغیر سفر اور موٹر سائیکل کی ڈبل سواری، گاڑی میں دو افراد سے زیادہ سواریوں پر پابندی ہوگی

صوبے بھر میں تمام شاپنگ مالز مارکیٹس دکانوں گودام آٹو ریپئر شاپس اور ہیئر کٹنگ سیلونز کو ہفتہ سے جمعرات تک صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک کھولنے کی اجازت برقرار رہے گی

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے صوبے میں سمارٹ لاک ڈاؤن کو 15 روز کیلئے بڑھاتے ہوئے 30 جولائی تک توسیع کردی، جس کے تحت صوبے کے تمام شہریوں کیلئے ماسک کا استعمال لازمی قرار دیا گیا ہے حکومت بلوچستان کے محکمہ داخلہ کے نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے بھر میں تمام شاپنگ مالز مارکیٹس دکانوں گودام آٹو ریپئر شاپس اور ہیئر کٹنگ سیلونز کو ہفتہ سے جمعرات تک صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک کھولنے کی اجازت برقرار رہے گی جبکہ جمعہ کو تمام کاروبار بند رہیں گے، محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کے اعلامیے کے مطابق دس یا دس سے زیادہ لوگوں کی اجتماع، تمام مذہبی، سیاسی و دیگر

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

سلوگن

کرونا وائرس کا شکار ہونے والے صحت یاب ہونے کے بعد کس قدر خوش ہوتے ہیں، جس کا اندازہ ممکن نہیں، کیوں کہ وہ زندگی اور موت کی کشمکش سے نکل چکے ہوتے ہیں، اس صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے، احتیاطی تدابیر اختیار کرنے میں دیر نہ کریں تاکہ آئندہ آپ کو یا آپ کے خاندان کو کسی ایسے امتحان سے نہ گزرنا پڑے۔

بلوچستان کیلئے نوجوان سمجھ گئے انہیں استعمال کرنے والے ملک دشمن ہیں، ضیاء لانگو

بلوچستان میں دہشتگردی پھیلانے والے عناصر بھارت سے براہ راست فنڈنگ لے رہے ہیں، صوبے کے نوجوانوں کو سمجھ آگئی ہے

انہیں خوش نما نعرے دینے والوں نے صرف ایندھن کے طور پر استعمال کرکے رقم وصول کی، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشتگردی پھیلانے والے عناصر بھارت سے براہ راست فنڈنگ لے رہے ہیں، صوبے کے نوجوانوں کو سمجھ آگئی ہے کہ انہیں خوش نما نعرے دینے والوں نے صرف ایندھن کے طور پر استعمال کرکے رقم وصول کی، بلوچستان کے لوگ اپنی محرومیوں کے خاتمے کیلئے آئین پاکستان کے دائرے میں رہتے ہوئے پرامن جدوجہد کررہے ہیں، اب لوگ بھارتی فنڈ ڈالروں کے ترنے میں نہیں آئیں گے، بچے کے دہشتگردوں کو سیکورٹی فورسز کی مدد سے جلد ختم کردیا جائیگا۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ میں گفتگو کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں نوجوانوں کو خوش نما نعرے دیکر بہکایا گیا اور انہیں ملک کے خلاف کھڑا کیا گیا ہمارے لئے سب سے بڑا چیلنج نوجوانوں کی مثبت ذہن سازی تھا جس پر ہم کافی حد تک کامیاب ہوئے ہیں اب بلوچستان کے نوجوانوں کو سمجھ آگئی ہے کہ انہیں استعمال کرنے والے ناراض بلوچ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی ہدایات پر مسافروں کی شکایات کے ازالے کیلئے آن لائن کچہریوں کے انعقاد کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی ہدایات پر وزارت شہری ہوابازی نے مسافروں کی شکایات کے ازالے کیلئے آن لائن کچہریوں کے انعقاد کا فیصلہ کرلیا۔ ای سی سول ایوی ایشن اتھارٹی 20 جولائی کو ایک گھنٹہ شکایات سنیں گے، آن لائن کچہری صبح 11 بجے شروع ہوگی جو ایک گھنٹے تک جاری رہے گی۔ ڈی جی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

موجودہ دور حکومت میں کرپشن پر قابو پانے کی بجائے اور اضافہ ہوا ہے، ملک سمندر خان کاسی

پاکستان پر ایک ایسا وزیراعظم مسلط کیا گیا ہے جو بدقسمتی سے اپنے گھر والوں یا خاندان کو متاثر نہیں کرسکتا

الیکشن سے پہلے ایک کروڑ نوکریاں، پچاس لاکھ گھر بنانے سب وعدے جھوٹے ثابت ہوئے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتون افغان ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی چیئرمین ملک سمندر خان کاسی ایڈووکیٹ کہا ہے کہ پاکستان پر ایک ایسا وزیراعظم مسلط کیا گیا ہے جو بدقسمتی سے اپنے گھر والوں یا خاندان کو متاثر نہیں کرسکتا الیکشن سے پہلے ایک کروڑ نوکریاں، پچاس لاکھ گھر بنانے سب وعدے جھوٹے ثابت ہوئے موجودہ دور حکومت میں کرپشن پر قابو پانے کی بجائے اور اضافہ ہوا ہے جو انتہائی افسوسناک ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ملک دشمنوں کے ناپاک عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے، محمد خان لہڑی، امان خیل

چند مٹھی بھر دہشتگردوں کو حکومت کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دینگے اور نہ ہی انہیں اپنے عزائم کی تکمیل کی اجازت دی جائیگی

پاک فوج پر بزدلانہ حملوں سے افواج پاکستان کے حوصلوں کو کسی صورت پست نہیں کیا جاسکتا ملک اور صوبے کے محب وطن عوام

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر صنعت و حرفت حاجی محمد خان لہڑی، قومی اسمبلی کے سابق سپیکر حاجی حیات ایم پی اے سردار مسعود لونی نے اپنے مشترکہ بیان میں بلوچستان کے علاقے کیچ میں دہشتگردوں کے فائرنگ سے تین سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت اور اتھ کے زخمی ہونیکی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج پر بزدلانہ حملوں سے افواج پاکستان کے حوصلوں کو کسی صورت پست نہیں کیا جاسکتا ملک اور صوبے کے محب وطن عوام ملک دشمنوں کے ناپاک عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے انہوں نے کہا کہ سیکورٹی اداروں نے ملک کے سرحدوں کی ہمیشہ حفاظت اپنے خون سے کی ہے ہمارے افواج نے ہمیشہ ملک اور امن دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا ہے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

نیوٹا کے ملازم کی اپیل پر سماعت، چیف جسٹس نوجوان وکیل پر تیاری کرکے نہ آنے پر سخت برہم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں نیوٹا کے ملازم کی اپیل پر سماعت کے دوران چیف جسٹس نوجوان وکیل پر تیاری کرکے نہ آنے پر سخت برہم ہوگئے اور کہا ہے کہ وکیل صاحب اس عمر میں تو آپکو انتہائی محنت کرنی چاہیے، جوان آدمی ہیں آپ اور کیس

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

قلات میں پندرہ جولائی سے 27 جولائی تک بچوں کی حفاظتی ٹیکہ جات کے حوالے خصوصی مہم چلائی جائے گی، ڈاکٹر نصر اللہ لانگو

خصوصی مہم کے دوران اڑھائی سال تک کی عمر کے بچوں کو دس متعدی بیماریوں سے حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر

قلات (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نصر اللہ لانگو نے کہا ہے کہ قلات میں پندرہ جولائی سے 27 جولائی تک بچوں کی حفاظتی ٹیکہ جات کے حوالے خصوصی مہم چلائی جائے گی اس خصوصی مہم کے دوران اڑھائی سال تک کی عمر کے بچوں کو دس متعدی بیماریوں سے حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے والدین اس مہم میں محکمہ ہیلتھ کی اہلکاروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ اظہاری بیان میں کیا انہوں نے کہا ہے کہ پندرہ جولائی سے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

گوادر میرین ڈرائیو کا ایک حسین منظر

جون میں ہسپتالوں میں آکسیجن بیڈز بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا تھا، 1825 بیڈز کا اضافہ ہوگیا، اسد عمر

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر اسد عمر نے کہا ہے کہ جون میں ہسپتالوں میں آکسیجن بیڈز بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ اپنے بیان میں اسد عمر نے کہا کہ فیصلہ ہوا تھا کہ جولائی کے اختتام تک ہنگامی بنیاد پر ہسپتالوں میں وفاق نے 2000 آکسیجن بیڈز بڑھانے ہیں، الحمدللہ آج تک 1825

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

ترقی یافتہ دور میں آن لائن ٹیچنگ تعلیمی نظام کا اہم حصہ بن چکا ہے

دنیا بھر میں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے اس تیز رفتار اور ترقی یافتہ دور میں آن لائن ٹیچنگ تعلیمی نظام کا اہم حصہ بن چکا ہے اور اس کی اہمیت اور افادیت میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے

بی ٹی اے کو بھی دور افتادہ علاقوں میں انٹرنیٹ کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانے کی ہدایت کی ہے، گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ن ح ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے اس تیز رفتار اور ترقی یافتہ دور میں آن لائن ٹیچنگ تعلیمی نظام کا اہم حصہ بن چکا ہے اور اس کی اہمیت اور افادیت میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ جدید سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ثمرات سے مستفید ہونے کیلئے ہمیں درس و تدریس کے اپنے روایتی طریقہ کار میں تبدیلی لانی ہوگی۔ گورنر یاسین زئی نے صوبے کی تمام سرکاری یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کو دور افتادہ اضلاع کے طلباء و طالبات کی آن لائن کلاسز تک رسائی کو ممکن بنانے اور ان کو تمام ضروری سہولیات فراہم کرنے کی خصوصی ہدایت کی تاکہ ان کا قیمتی وقت ضائع نہ ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبے کی تمام سرکاری یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کو درپیش مسائل کے حل کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر شفیق الرحمن، خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار آج لورالائی کا دورہ کریں گے

لورالائی (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار آج 16 جولائی کو صوبائی وزیر حاجی محمد خان طور اتمان خیل کی خصوصی دعوت پر لورالائی کا دورہ کریں گے وہ صبح 11 بجے کلی پہنا نحوت پہنچیں گے اور حاجی طور اتمان خیل کی رہائش گاہ پر ایک عوامی و قبائلی اجتماع سے خطاب کریں گے اور صوبائی وزیر کے جانب سے منعقد ہونے والے اجتماع میں بھی شریک ہونگے۔

مریم اورنگزیب کا نواز شریف کے قومی منصوبوں میں تاخیر پر وزیراعظم عمران خان سے قوم سے معافی مانگنے کا مطالبہ

یہ نواز شریف تھے جنہوں نے تین سال قبل دیامر بھاشا ڈیم کی تعمیر کے سالیاتی منصوبے کی منظوری دی تھی

عمران صاحب آج قوم سے معذرت کرتے کہ سیاسی انتقام اور نااہلی سے دیامر بھاشا ڈیم منصوبہ دو سال تاخیر کا شکار کیا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے نواز شریف کے قومی منصوبوں میں تاخیر پر وزیراعظم عمران خان سے قوم سے معافی مانگنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران صاحب آج قوم سے معذرت کرتے کہ سیاسی انتقام اور نااہلی سے دیامر بھاشا ڈیم منصوبہ دو سال تاخیر کا شکار کیا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نواز شریف کے ملک و قوم کی ترقی کے اہم منصوبوں کو تاخیر کا شکار بنانے کے ذمہ دار عمران صاحب

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان کیساتھ سوتیلی ماں کا سلوک روا رکھا گیا ہے جو ناقابل قبول ہے، بی این پی

بلوچ پشتون اس نام نہاد سلیکٹڈ حکمرانوں کے خلاف کم سے کم نقاط پر متحد و منظم ہو کر جہد وجہد کریں

بی این پی شہداء کی والی وارث اور بلوچستان کی حقیقی جماعت ہے، ملک عبدالولی کاکڑ

مستونگ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر ملک عبدالولی کاکڑ مرکزی رہنماء نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی ایس او کے چیئرمین نزیر بلوچ نے کہا ہے کہ بی این پی شہداء کی والی وارث اور بلوچستان کی حقیقی جماعت ہے جسکی جدوجہد قربانیوں سے بھری پڑی ہے بلوچ قوم اور بلوچستان کے لیے شہید چیئرمین منظور بلوچ شہید گل زمین حبیب جالب بلوچ اور شہداء بلوچستان کی بے مثال اور لازوال قربانیاں ناقابل فراموش اور ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ جنہوں نے حقوق کی خاطر طویل ترین سیاسی و قومی جمہوری جدوجہد نظم و جبر، سامی ناانصافیوں قومی نابرابری، ساحل اور وسائل کے دفاع کیلئے نبرد آزما ہو کر غیر جمہوری قوتوں کے ظلم و ستم کے سامنے سینہ پلائی دیوار کی مانند کھڑے ہو کر ہر قسم کی سختیاں اور قید و بند کی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

حکومت کی کمیٹی نے صرف تسلی دے کر وہ ہی پرانا نوٹیفکیشن جاری کردیا، عبدالرحیم کاکڑ

ایک بار پھر ہوٹلز اور ریسٹورانٹ سنوکر کلبز اور شادی ہالز والوں کے کاروباروں کو بند کردیا، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، سید عبدالقیوم آغا، میر یاسین مینگل، سعد اللہ اچکزئی، حاجی خدائے دوست، نصیر ترین، سید نعمت آغا، ظفر گلستان اللہ داد اچکزئی، میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان کے رہنماؤں اکبر شاہ نصیب اللہ لیاقت کاکڑ و دیگر نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ نوٹیفکیشن پرانا تر ز پر جاری کرکے تاجروں کو مایوس کردیا اور تاجروں میں بے چینی پیدا ہوگی حکومت اپنا نقصان نہیں چاہتی ہے اور اپنا

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سابق وفاقی وزیر جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ سے سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان حکومت کو بلوچ قوم کا تعاون درکار ہے، وزیراعلیٰ

بلوچستان کے زیر استعمال اشیاء میں گہری دلچسپی اور قائداعظم ریزیڈنسی کی شاندار انداز میں تعمیر و بحالی پر خوشی کا اظہار کیا

بلوچستان اور پاکستان لازم و ملزوم ہیں بلوچستان محبتیں بانٹنے آیا ہوں، وزیراعلیٰ پنجاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے کہا ہے پنجاب ترقی کے سفر میں بلوچستان کو ساتھ لیکر چلے گا، بلوچستان اور پاکستان لازم و ملزوم ہیں بلوچستان محبتیں بانٹنے آیا ہوں، یہ بات انہوں نے بدھ کو زیارت میں قبائلی عمائدین اور شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار بدھ کو بلوچستان کے دو روزہ دورے پر زیارت پہنچے جہاں صوبائی وزیر نور محمد دمڑ، چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر، کمشنر سبی ڈویژن سید فیصل سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے انکا استقبال کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے زیارت میں بانی پاکستان

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

فاران کو لاوارث بننے نہیں دینگے موجودہ منتخب نمائندوں نے عوام کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا ہے، عبدالقادر بلوچ

جب سے نئے نمائندگان نے منصب سنبھالا ہے فاران شمول رخشان ڈویژن میں روز بروز نئے مسائل پیدا ہورہے ہیں، میر عبدالکریم نوشیروانی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے صوبائی صدر و سابق وفاقی وزیر جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ کا بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی نائب صدر و سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی سے کراچی میں اہم ملاقات ملاقات میں ملکی و علاقائی سیاسی صورت حال پر تفصیلی غور ملاقات میں مسلم لیگ ن فاران کے ضلعی صدر خواجزادہ امیر شہریار خان نوشیروانی بھی شریک تھے ملاقات میں فیصلہ کیا گیا کہ آنے والے وقت میں دون

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

16 جولائی 2020ء

بلوچستان حکومت کا سمارٹ لاک ڈاؤن میں توسیع

حکومت بلوچستان نے صوبے میں سمارٹ لاک ڈاون کو 15 روز کیلئے بڑھاتے ہوئے 30 جولائی تک توسیع کردی، جس کے تحت صوبے کے تمام شہریوں کیلئے ماسک کا استعمال لازمی قرار دیا گیا ہے حکومت بلوچستان کے محکمہ داخلہ کے نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے بھر میں تمام شاپنگ مالز مارکیٹس دکانوں گودام آٹو ریپئر شاپس اور ہیئر کٹنگ سیلونز کو ہفتہ سے جمعرات تک صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک کھولنے کی اجازت برقرار رہے گی جبکہ جمعہ کو تمام کاروبار بند رہیں گے، محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کے اعلامیہ کے مطابق دس یا دس سے زیادہ لوگوں کی اجتماع، تمام مذہبی، سیاسی و دیگر اجتماعات، سماجی فاصلے کے بغیر سفر اور موٹر سائیکل کی ڈبل سواری، گاڑی میں دو افراد سے زیادہ سواریوں پر پابندی ہوگی جبکہ ہر شخص کیلئے ماسک یا منہ کو کپڑے سے ڈھانپنا لازمی ہوگا، سیمینا ہالز، فارم ہاؤسز، پکنک پوائنٹس، شادی ہالز، جیمز کلبز، سپورٹس کلبز، پارکس، ہوٹلز، آڈیٹوریمز، شورومز اور بیوٹی پارلرز بھی بند رہیں گے، تمام دکانیں، مارکیٹیں، سٹورز، صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک ہفتے میں صرف 6 دن کھلے رہیں گے جبکہ جمعہ کو مکمل لاک ڈاؤن ہوگا، شام 7 بجے کے بعد لاک ڈاؤن کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف کارروائی کی جائیگی تاہم تندور، ڈیری فارمز، میڈیکل سٹورز، بلڈ بینکس، اشیائے خوردونوش کی دکانیں 24 گھنٹے کھلے رہیں گی بلکہ بیکریز صبح 9 بجے سے رات 9 بجے تک کھلی رہیں گی جبکہ ہوٹلز 24 گھنٹے صرف پارسل کی صورت میں کھانا فراہم کرسکتے ہے انٹرسٹی اور انٹراسٹی ٹرانسپورٹ ایس او پیز کے تحت چلانے کی اجازت ہوگی، محکمہ واسا، میونسپلٹی، کیسکو، پی ٹی اے، پی ٹی سی ایل، این ٹی سی، این ٹی ڈی سی، ایس ایس جی سی ایل، پی پی ایل، او جی ڈی سی ایل اور بی ایم ای کے ملازمین مستثنیٰ ہونگے، ہر شخص ماسک اور سینیٹائزر کا استعمال کریگا دکانوں میں ماسک کے بغیر کسی بھی اندر آنے کی اجازت نہیں ہوگی، سمارٹ لاک ڈاؤن 30 جولائی تک نافذ العمل رہے گا۔

سب پر وزیراعظم کی "نظر"

ناصر چودھری

سنیچر کی شام خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات اجمل خان وزیر کو اچانک وزیر اعلیٰ محمود خان نے ان کے عہدہ سے ہٹا دیا۔ ان کو ہٹائے جانے کی وجہ معینہ طور پر ایک ٹیلی فون گفتگو ہے جو صوبائی مشیر اطلاعات کسی اشتہاری کمپنی کے چیف ایگزیکٹو سے کر رہے تھے۔ بتایا جاتا ہے اس گفتگو میں ٹیلی ویژن چینلوں کے لئے اشتہارات کی سرکاری کمپین میں کمیشن کے بارے میں بات ہو رہی تھی، وقت کے ساتھ ساتھ حقائق بھی منظر عام پر آ جائیں گے۔ اجمل خان وزیر نے اس کے بارے میں یہی کہا کہ کچھ دنوں میں دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ خیر، جب دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو گا تو اس وقت پتہ چل جائے گا کہ اس سارے مسئلہ میں دودھ کتنا تھا اور پانی کتنا۔ اتفاق کی بات ہے کچھ مہینے پہلے جب وفاقی مشیر اطلاعات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان کو بھی اسی طرح اچانک ہٹایا گیا تھا تو اس وقت بھی معینہ طور پر کمیشن کا تذکرہ ہی سننے میں آیا تھا۔ اس وقت بھی ڈاکٹر صاحبہ نے کہا تھا کہ جلد ہی دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔

ہم اس وقت سے دودھ اور پانی کے علیحدہ علیحدہ ہونے کا انتظار کر رہے ہیں لیکن ڈاکٹر صاحبہ اس وقت کے بعد سے ہی منظر عام سے غائب ہیں۔ دیکھتے ہیں اجمل خان وزیر آگے چل کر کیا کرتے ہیں کیونکہ بہر حال وہ بھی ایک سیاست دان ہیں اور خاموشی سیاسی کیریئر کے لئے زیادہ مفید نہیں ہوتی۔ ہر وقت خبروں میں رہنا سیاسی مجبوری ہوتی ہے اور کوئی ایسا نہ کر سکے تو آنکھا اجمل پہاڑ اجمل کی طرح وہ بھی لوگوں کے ذہنوں سے محو ہو جاتا ہے۔ اجمل خان وزیر کو فارغ کئے جانے کے کچھ ہی گھنٹوں کے بعد گورنر شاہ فرمان کو بھی ہٹائے جانے کی اطلاعات گردش کرنے لگیں۔ ابھی سر دست یہ قیافہ شناسی مشکل ہے کہ یہ دونوں علیحدہ علیحدہ واقعات ہیں یا ان کا آپس میں کوئی تعلق موجود ہے۔ یہ وہی گورنر صاحب ہیں جن کی عجیب و غریب باتوں سے اکثر ان کا مذاق اڑتا رہتا تھا اور غالباً کسی مخلص مہربان کے مشورہ کے بعد سے وہ زیادہ تر چپ رہنا شروع ہو گئے تھے۔ مزاحیہ اور لال بجھکو ٹائپ بیانات اور توجیہات پیش کرنے میں اجمل خان وزیر کے پیش رو شوکت یوسف زئی کا بھی کوئی ثانی نہیں تھا اور ایک وقت آیا کہ وہ اپنی پارٹی اور حکومت کیلئے اکثر شرمندگی کا باعث بننے لگے تو انہیں بھی خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات کے عہدہ سے ہٹا دیا گیا تھا۔

وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے اجمل خان وزیر کے ہٹائے جانے پر کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کی سب پر نظر ہوتی ہے، اس لئے اجمل خان وزیر کے خلاف شکائت ملنے پر انہیں ہٹا دیا گیا۔ انقلابی اور جمہوری جدوجہد کے ماتھے کا جھومر احمد فراز مرحوم کے صاحبزادے محترم شبلی فراز اپنے والد گرامی کا نام روشن کرنے میں رات دن مصروف ہیں، لیکن ان کی مجبوری یہ ہے کہ وزیر اعظم عمران خان نے انہیں جو عہدہ تفویض کیا ہے، شبلی فراز اسے ایک ہی صورت میں برقرار رکھ سکتے ہیں کہ وہ ہر وقت اور موقع بے موقع اپوزیشن کے لتے لیتے رہیں۔ وزیر اعظم عمران خان اپوزیشن کے خلاف جس طرح کی زبان سننا چاہتے ہیں وہ ان کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل اور پنجاب کے وزیر اطلاعات فیاض الحسن چوہان بھرپور استعمال کرتے رہتے ہیں۔ فواد چودھری اگرچہ اپوزیشن پر تنقید بہت کرتے تھے، لیکن ان کی گفتگو بہر حال تہذیب کے دائرہ میں رہتی تھی کہ ان کا خاندان چار پانچ نسلوں سے قومی اور صوبائی سیاست میں ہے اور یہ ان کی خاندانی تربیت کا ہے کہ وہ تنقید ضرور کرتے تھے، لیکن الفاظ کا چناؤ مناسب ہوتا تھا۔ ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان کا بھی یہی مسئلہ تھا کہ پرانی سیاسی کارکن تھیں اس لئے ان کی طرف سے اپوزیشن پر کی گئی تنقید میں ہمیشہ ایک آنچ کی کسر رہ جاتی تھی۔ وزیر اعظم عمران خان کی چونکہ بقول سینیٹر شبلی فراز، ایک ایک بندے پر نظر ہوتی ہے اس لئے وہ دونوں ان کی توقعات پر پورے نہ اتر سکے۔ اب ڈاکٹر شہباز گل عین وہی الفاظ اور زبان استعمال کرتے ہیں، جس کی وزیر اعظم عمران خان ان سے توقع رکھتے ہیں۔

اجمل خان وزیر کی بطور مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا کی ٹیلی ویژن پر باتیں ستا رہتا تھا۔ اتفاق سے خیبر پختونخوا آبادی کے تناسب کے اعتبار سے پاکستان میں کورونا سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والا صوبہ ہے۔ خیبر پختونخوا میں پچھلے سات سال سے پی ٹی آئی حکومت ہے، لیکن وہاں صحت کا شعبہ دوسرے صوبوں سے زیادہ دگرگوں حالت میں ہے۔ کورونا سے متاثر ہونے والے اور اس سے موت کا شکار ہونے والوں کی شرح خیبر پختونخوا میں باقی دو بڑے صوبوں پنجاب اور سندھ دونوں سے زیادہ ہے۔ اجمل خان وزیر کی میڈیا بریفنگ میں عام طور پر کورونا کے خلاف صوبائی حکومت کی طرف سے کئے گئے اقدامات کا ذکر ہوتا تھا اور ان کی میڈیا بریفنگ زیادہ تر کورونا کے گرد ہی گھومتی تھی۔ میں نے بہت کم دیکھا کہ کسی میڈیا بریفنگ میں انہوں نے اپوزیشن کی ایسی تیسی کی ہو۔ بس کام سے کام رکھنے والا انداز تھا جس کی وجہ سے میں کبھی کبھی سوچتا تھا کہ یہ کیسا مشیر اطلاعات ہے جو اپوزیشن کے خلاف موقع بے موقع بڑبڑاتی نہیں کر رہا۔

اب وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز کی اس وضاحت کے بعد میری تسلی ہو گئی ہے کہ واقعی وزیر اعظم کی نظر ایک ایک بندے پر ہوتی ہے۔ کسی بھی حکومت میں اطلاعات کے وزیر یا مشیر کی ذمہ داری عموماً حکومتی پالیسیوں کو عوام میں اجاگر کرنا اور حکومت کی اچھے انداز میں امیج بلڈنگ ہوتی ہے تاکہ لوگوں میں حکومت کے بارے میں اچھا تاثر قائم رہے اور وہ حکومتی معاملات سے مطمئن رہیں۔ البتہ وزیر اعظم عمران خان کی حکومت میں حکومتی کارکردگی کا دفاع اور امیج بلڈنگ ثانوی حیثیت رکھتی ہے۔ وفاقی یا پی ٹی آئی کی حکومت والے کسی بھی صوبے میں وہی وزیر یا مشیر اطلاعات اپنی جگہ برقرار رکھ سکتا ہے جو الزام تراشی اور دشنام تراشی میں ماہر ہو اور ہر وقت اپوزیشن کو رگڑتا رہے۔ عمران خان کی حکومت کے دو سال میں یہ بات اب کھل کر واضح ہو چکی ہے۔ اجمل خان وزیر نے کرپشن کی کوشش کی یا نہیں کی، لیکن بہر حال انہوں نے اپوزیشن کو رگڑا نہیں دیا اس لئے ان کا گھر جانا یقینی تھا۔

وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز کا میرے دل میں ان کے عظیم والد گرامی کی وجہ سے احترام ہے اس لئے ان کے کہے گئے الفاظ پر میں یقین کرتا ہوں۔ یقیناً وزیر اعظم عمران خان کی ایک ایک بندے پر نظر ہو گی، اسی لئے کوئی سرکاری افسر اپنی پوسٹ پر دو چار مہینوں سے زیادہ نہیں ٹک پاتا۔ سب کو معلوم ہی ہے کہ وفاق اور پی ٹی آئی کی حکومت والے دونوں صوبوں میں اعلیٰ سرکاری افسر جن میں چیف سیکرٹری، آئی جی اور کمشنر سیکرٹریز اور افسران شامل ہیں آئے دن تبدیل کر دیئے جاتے ہیں۔ بہت سے لوگ اسے صوبائی کارستانیاں بتاتے ہیں، لیکن دیکھا جائے تو وفاق میں بھی یہی حال ہے۔ ایف بی آر اور سرمایہ کاری بورڈ جیسے اہم اداروں میں بھی دو سالوں میں پانچ پانچ سربراہ تبدیل کئے جا چکے ہیں۔ بھارت کے مرحوم وزیر اعظم پنڈت جواہر لعل نہرو 1950ء کی دہائی میں پاکستان میں بار بار وزیر اعظم تبدیل ہونے پر پھبتی کسا کرتے تھے کہ وہ اتنی جلدی اپنی دھوتی تبدیل نہیں کرتے جتنی جلدی پاکستان میں وزیر اعظم تبدیل ہو جاتا ہے۔

باقی سب خیر ہے!

کوثر عباس

آقا نے اپنے نوکر کو گاؤں بھیجا تاکہ اس کے خاندان کی خبر لے آئے۔ اس کا گاؤں کافی دور تھا۔ تجارت کی غرض سے کافی عرصے سے اس کا گاؤں جانا نہیں ہوا تھا۔ نوکر اعتماد والا تھا۔ اس نے کچھ نقدی اور اہل خانہ کے لیے کچھ تحائف بھی بھیجے تھے۔ اب اسے بے تابی سے انتظار تھا کہ نوکر واپس آئے تو گھر کے حالات سن کر اسے تسلی ہو تاکہ وہ پوری توجہ کاروبار کی جانب مبذول کر سکے۔ خدا خدا کر کے وہ دن بھی آن پہنچا جب شام کے وقت نوکر گاؤں سے واپس آ گیا۔

آقا: "ہاں جی! گاؤں سے واپس آ گئے ہو۔ اب بتاؤ گھر میں خیر خیریت ہے؟"

نوکر: "جی حضور! سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہے۔ گھر کی کوئی بات نہیں۔ گھر کی رکھوالی کے کوئی کتا بھیج دیتے تو بہتر تھا"

آقا: "کیوں؟ پرانے کتے کو کیا ہوا؟ کیا وہ ٹھیک سے رکھوالی نہیں کر رہا؟"

آقا: "مالک! وہ پرانے والا کتا تو مر گیا۔ باقی سب ٹھیک ہے۔"

آقا: "کیا؟ میرا کتا مر گیا اور تم کہہ رہے ہو کہ سب ٹھیک ہے۔ کیسے مراد؟"

نوکر: "اس کے گلے میں ہڈی پھنس گئی تھی۔ مالکن نے علاج تو کافی کرایا لیکن کوئی افاقہ نہ ہوا اور وہ مر گیا۔ لیکن آپ پریشان نہ ہوں! باقی سب ٹھیک ہے۔"

آقا: "ہڈی؟ کس کی ہڈی؟"

نوکر: "وہ آپ کے گھوڑے کی ہڈی"

آقا: "کیا؟ میرا گھوڑا بھی مر گیا ہے؟ لیکن وہ کیسے مرا؟ اسے کیا ہوا تھا؟"

نوکر: "جی مالک! وہ بھی مر گیا ہے اور بغیر گھاس کھائے وہ زندہ رہ بھی کیسے سکتا تھا؟ لیکن آپ بے فکر ہو جائیں باقی سب ٹھیک ہے۔"

آقا: "لیکن میں تو اتنی وافر مقدار میں گھر میں گھاس کا انتظام کر کے آیا تھا۔ وہ ساری گھاس ایک مہینے میں کیسے ختم ہو گئی؟"

نوکر: "مالک! وہ گھاس تو جل گئی! جب سارا گھر جل گیا تو بھلا گھر میں پڑی گھاس کیسے بچ سکتی تھی؟ ہاں! باقی سب ٹھیک ہے۔"

"چار گھوڑے ہیں ان کے پاس جو وہ بھگا رہے ہیں، ادھر بھی اور اُدھر بھی" ترک ڈرامے "ارطغرل غازی" پر پاکستانی ہدایت کار سید نور کا موقف بھی آ گیا

آقا: "کیا؟ میرا گھر بھی جل گیا؟ لیکن میرے گھر والوں کا کیا بنا؟"

نوکر: "مالک! آپ کا بیٹا بھی مر گیا لیکن باقی سب ٹھیک ہے۔"

آقا: "کیا؟ میرا اکلوتا بیٹا بھی مر گیا؟ لیکن کیسے"

نوکر: "بیچارہ ماں کا غم برداشت نہ کر سکا"

آقا: "کیا؟ میری بیوی بھی مر گئی مگر کیسے"

نوکر: "جی ہاں حضور! جب آگ لگی تو وہ گھر کے اندر ہی تھیں۔ لیکن ہاں! اس کے علاوہ باقی سب کچھ ٹھیک ہے۔"

عربی ادب کی یہ کہانی ان دنوں مجھے اس لیے یاد آئی کہ کچھ عرصہ پہلے کسی سے پوچھتے کہ بلوچ قومی دھارے میں واپس آ گئے ہیں، بلوچستان میں امن قائم ہو گیا ہے، اب وہاں کسی ادارے پر حملے نہیں ہوتے، بجلی اور سوئی گیس کی لوڈ شیڈنگ کم ہو گئی ہے، کراچی میں تاجروں کی بیرون ملک روانگی میں کمی جبکہ اعتماد اور وطن واپسی میں اضافہ ہو گیا ہے، ملک میں دھماکوں کی تعداد میں کمی آ گئی ہے، روس ہمارے قریب آ رہا ہے، ملک میں ترقی کا ایک دور شروع ہے، معیشت بہتر ہو گئی ہے، سرحدوں پر جنگ کے خطرات بھی کم ہو گئے ہیں

(جاری ہے)

کپتان کو کس سے خطرہ ہے؟

نسیم شاہ

مولانا فضل الرحمن کراچی میں آصف زرداری سے مل آئے ہیں تصویر میں آصف زرداری نے جس طرح خود کو کورونا سے بچانے کے لئے سخت حفاظتی اقدامات اختیار کئے ہیں، اس سے صاف لگتا ہے کہ ان کا مستقبل قریب میں باہر نکلنے کا کوئی ارادہ نہیں، دوسری طرف مولانا فضل الرحمن ہیں جو تصویر میں کسی بھی احتیاطی تدبیر سے مبرا نظر آتے ہیں صرف اسی بات سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ آصف زرداری اور مولانا فضل الرحمن کی سوچ میں کتنا فرق ہے مگر اس کے باوجود مولانا فضل الرحمن کی بے چینی انہیں تک کر بیٹھنے نہیں دے رہی وہ مارے مارے پھر رہے ہیں کہ کسی طرح حکومت کے خلاف کسی تحریک کا سماں پیدا ہو جائے۔ وہ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی سے امید باندھے بیٹھے ہیں اس حقیقت کے باوجود کہ یہ دونوں سیاسی جماعتیں فی الوقت کسی عوامی حمایت سے بالکل محروم نظر آتی ہیں، پھر ان کے ایسے ناسمجھ میں آنے والے مسائل ہیں کہ جنہیں ان کی قیادت خود بھی حل کرنے سے قاصر ہے۔ خاص طور پر مسلم لیگ ن تو بے چارگی کی تصویر بنی ہوئی ہے۔ شہباز شریف کو یہ خوف کھائے جا رہا ہے کہ وہ باہر نکلے تو نیب کے شکنجے میں آ جائیں گے۔ مریم نواز نے پہلے ہی چپ کی چادر اوڑھ رکھی ہے اور کبھی کبھار ٹویٹ کر کے وہ اپنی موجودگی کا احساس دلاتی ہیں رہ گئی دوسرے درجے کی قیادت تو وہ آئے روز بہتری ناک ٹوئیاں مارتی ہے مگر نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے۔ ایسے میں صرف مولانا فضل الرحمن ایک بے چین روح کی طرح بھٹک رہے ہیں وہ روزانہ ہی ٹی وی پر آ کر قوم کو یہ وارننگ دیتے ہیں کہ موجودہ حکومت اگر مزید مسلط رہی تو ملک کا دیوالیہ نکل جائے گا۔ مگر ان کی اس وارننگ کو خود سیاسی جماعتیں سنجیدگی سے نہیں لیتیں اور لطیفہ سمجھ کر ہوا میں اڑا دیتی ہیں۔

یہ تو ماننا پڑے گا کہ اپنا پیارا کپتان بہت خوش قسمت ہے ایسے حالات میں حکمرانی کر رہا ہے، جب اپوزیشن نام کی کوئی چیز کہیں نظر نہیں آتی۔ یوں بڑھکیں مارنے والے بہت ہیں، جی کا جانا ٹھہر گیا ہے آج گیا یا کل گیا مگر حقیقت یہ ہے کہ کپتان کے سوا واقعی اس وقت کوئی چوائس موجود نہیں حد درجہ بری پرفارمنس کے باوجود کوئی ایسا متبادل انتظام نظر نہیں آتا، جسے بروئے کار لا کے موجودہ حکومت کو چلتا کیا جائے۔ کپتان کی عوام میں مقبولیت آج بھی موجود ہے۔ اگرچہ اس میں کمی ضرور آئی ہے، خاص طور پر مہنگائی نے عوام کے جو کس بل نکال دیئے ہیں وہ اس حکومت کا سب سے منفی حوالہ ہے، لیکن ایسا نہیں ہے کہ اس کی بنیاد پر عوام یہ چاہتے ہیں کہ پھر وہی لوگ آ جائیں جنہوں نے ملک کو لوٹ کر اس حال تک پہنچایا ہے یہ بات بھی اظہر من الشمس ہے کہ اب مسلم لیگ ن ہو یا پیپلز پارٹی کوئی بھی یہ نہیں چاہتا کہ ملک میں کوئی غیر آئینی تبدیلی آئے۔ آصف علی زرداری تو بالکل یہ نہیں چاہیں گے اور انہوں نے واضح اعلان کر بھی دیا ہے کہ وہ عمران خان کی حکومت کو ختم کرنے کے حق میں نہیں۔

اصل میں قصہ یہ بھی ہے کہ اب ہمارے سیاستدانوں میں اس حد تک تو بالغ نظری آ گئی ہے کہ برا بھلا جمہوری سیٹ اپ کسی غیر نمائندہ یا غیر آئینی سیٹ اپ سے بدرجہا بہتر ہے۔ یہ بات نجانے مولانا فضل الرحمن کو کیوں سمجھ نہیں آ رہی، وہ مسلسل اس کوشش میں لگے ہوئے ہیں کہ کوئی غیبی طاقت اس جمہوری سیٹ اپ پر کلہاڑا چلائے اور کسی طرح نئے انتخابات کی صورت نکل آئے۔ وہ انتخابات کو گلی ڈنڈے کا کھیل سمجھتے ہیں، 2018ء کے انتخابی نتائج کو تو انہوں نے پہلے دن ہی مسترد کر کے نئے انتخابات کا مطالبہ کر دیا تھا لوگ آج بھی یہی کہتے ہیں کہ اگر وہ خود الیکشن جیت کر اسمبلی میں پہنچ جاتے تو کبھی ایسے غیر جمہوری مطالبے نہ کرتے۔

اب لوگ اس نکتے پر بھی سوچ رہے ہیں کہ حکومت کرنے کے اتنے سازگار حالات کے باوجود وزیر اعظم عمران خان مختلف محاذوں پر ناکام کیوں نظر آتے ہیں خاص طور پر گورننس اور معیشت کے حوالے سے ان کی کارکردگی غیر متاثر کن کیوں ہے۔ اسمبلی میں تو انہیں کوئی چیلنج درپیش نہیں حتیٰ کہ سینٹ میں بھی درپیش نہیں جہاں ان کی اکثریت بھی نہیں ہے۔ جو بجٹ بنایا اسے آسانی سے منظور کرا لیا۔ پھر ایسا کیوں ہے کہ ان کے فیصلوں میں مصلحت موجود ہے۔ چھوٹے موٹے کرداروں کو تو وہ مکھن میں سے بال کی طرح نکال دیتے ہیں جیسے انہوں نے خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات اجمل وزیر کو عہدے سے برطرف کیا ہے کیونکہ ان کی کرپشن کا ایک ثبوت سامنے آ گیا تھا۔

مگر جیسے کہ اپوزیشن بھی کہہ رہی ہے کہ عمران خان بڑی مچھلیوں کو بچانے کے لئے چھوٹی مچھلیوں کی قربانی دیتے ہیں اور اصل کرداروں کو بچا لیتے ہیں جیسے چینی آٹے سکینڈل میں صرف پنجاب کے صوبائی وزیر سمیع اللہ کو قربانی کا بکرا بنا کر باقی سب کرداروں کو بچا لیا گیا، حالانکہ وہ عمران خان کے اردگرد بیٹھے ہیں سب اس بات کو مانتے ہیں کہ خان صاحب کی حکومت کو دو باتوں نے کمزور کیا ہے ایک بری معیشت اور دوسرا حکومت میں موجود غیر نمائندہ شخصیات، ان تمام شخصیات پر انگلیاں اٹھتی رہی ہیں۔ پاور سیکٹر کے مشیر ندیم بابر کو بالآخر عہدے سے ہٹایا گیا لیکن وہ حکومت کے امیج کو کتنا نقصان پہنچا گئے اس بارے میں عمران خان کو سوچنا چاہئے۔ وہ اس نکتے پر سوچیں کہ جب انہوں نے پٹرول سستا کیا تھا اگر وہ عوام کو کھلے عام ملتا رہتا تو ان کی حکومت کے بارے میں عوام کے اندر ایک خوشگوار تاثر پیدا ہوتا، لیکن پٹرول کو نایاب کر کے جو نقصان پہنچایا گیا، اس کا ازالہ مستقبل قریب میں ممکن نہیں کیونکہ عوام یہ سوچنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ ملک میں ایک منتخب حکومت کا نہیں مافیاز کا راج ہے جو عوام کے حق میں حکومت کے ہر فیصلے کو ناکام بنا دیتے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ملک میں اپوزیشن متحد ہوتی، اس کا عوام میں کوئی اثر و رسوخ ہوتا، تو اس سے زیادہ سازگار حالات نہیں مل سکتے کہ جو اس حکومت نے اپنی ناکامیوں اور حماقتوں کی وجہ سے فراہم کئے ہیں تو وہ ملک ہے جہاں آٹا مہنگا ہونے پر تحریکیں چلتی رہی ہیں اور حکمرانوں کو گھٹنے ٹیکنے پڑتے، اب تو ہر روز مہنگائی کا نیا بم گرتا ہے، آٹا مہنگا ہو جاتا ہے، وزیر اعظم کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے جاتے ہیں وزیر اعظم بھی مڑ کر نہیں دیکھتے کہ انہوں نے مہنگائی کم کرنے کے لئے جو حکم جاری کیا تھا اس کا کیا بنا۔ اپوزیشن کی ساری گردان اس جملے کے گرد ہے کہ نیب نیازی گٹھ جوڑ کی وجہ سے سیاسی مخالفین کو تنگ کیا جا رہا ہے۔ اس بیانیئے سے عوام کو کیا غرض ہے۔ وہ تو اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں کیا یہ اپوزیشن کی سب سے بڑی ناکامی نہیں کہ 25 دن عوام کو پٹرول نہیں ملا مگر اپوزیشن ایک ڈھنگ کا احتجاجی مظاہرہ نہیں کرا سکی۔ پوری اپوزیشن کے مقابلے میں جماعت اسلامی کہیں بہتر ہے کہ عوامی مفاد کے لئے احتجاج بھی کرتی ہے اور دھرنے بھی دیتی ہے۔ کراچی میں کے الیکٹرک کی بے رحمانہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف جماعت اسلامی کے دھرنے کا یہ اثر ہوا کہ وفاقی وزیر اسد عمر کو کراچی جا کے یہ اعلان کرنا پڑا کہ آج سے کراچی میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نہیں ہوگی۔ حکومت کو گھر بھیجنے کے علاوہ بھی کئی مطالبات ہوتے ہیں، جن کے ذریعے حکومت پر دباؤ ڈالا جاتا ہے کہ وہ عوام کو ریلیف فراہم کرے، مگر اس وقت اپوزیشن اس معاملے میں بالکل لاتعلق نظر آتی ہے۔ ایسی اپوزیشن سے وزیر اعظم عمران خان کو واقعی کوئی خطرہ نہیں مگر انہیں یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ کسی حکمران کو سب سے بڑا خطرہ اس کی بری کارکردگی سے ہوتا ہے اور یہ خطرہ کپتان کے گرد مستقبل منڈلا رہا ہے۔

ایک اور کہانی

زیڈ۔ بی۔ پسروری

ناکامی ثبت ہو چکی، گڈ گورننس کی قلعی کھل چکی، خان صاحب نے اس نظام کو بدلنے کے لئے صدائے حق بلند کی تھی ان کی اذان پر کروڑوں لوگوں نے لبیک کہا اور ان کی طرف چل پڑے، مگر خان صاحب نے نظام کو بدلنے کی بجائے خود کو ہی بدل کر سب کو ششدر کر دیا۔ اتنے سمجھوتے اتنے زیادہ انحراف شاید ہی تاریخ میں کسی لیڈر نے پہلے کئے ہوں۔ اب لہجوں میں غرور کی جگہ التجائیں اور بلند بانگ دعوؤں کی جگہ مجبوریوں کا رونا شروع ہو چکا۔ مفرور لوگ شعلوں کی طرح ہوتے ہیں بھڑکتے ہیں، بجھتے ہیں اور راکھ ہو جاتے ہیں، جس نے دانشمند و مخلص دوستوں سے خود کو دور کر لیا اس نے خواہشات کے بے لگام گھوڑے کو شریروں کے ہاتھ دے کر غلط راہ پر چلنے کا فیصلہ کر لیا۔ خان صاحب آپ کو کس نے کہا آپ مائنس ون ہو رہے ہے..... یہ شور کہاں سے ابھرا ہے، سچ تو یہ ہے عمارت کی دیواروں سے جب سیمنٹ گرنے لگے اور ستون ہچکولے کھانے لگیں تو پھر اس کی خستہ حالی سے خود مکین ڈرنے لگتا ہے۔ بیڈ گورننس اور آٹا، چینی، پٹرول سمیت بحران پہ بحران ہر طرف عجب تماشہ..... مائنس ون کی یہ آواز خود آپ کو اپنے اندر سے سنائی دینے لگی ہے۔ ناکامی خود چیخنے لگی ہے۔ غلط فیصلوں کا شور اب اندر سے بھی ہونے لگا ہے۔ وسیم اکرم پلس سلیم جعفر دکھائی دینے لگا ہے۔ خان صاحب نے اگر آپ نے جلد از جلد پنجاب پر کسی متحرک وزیر اعلیٰ کو نہ لگایا تو آپ کے موجودہ لشکر کو دیکھ کر یہی دکھائی دے رہا ہے کہ یہ لشکر بدترین شکست سے دوچار ہو کر رہے گا اور ہمارے نصیب میں ناکامی کی ایک اور کہانی دہرانا لکھا جا چکا۔ چلیں ایک کہانی اور سہی، لیکن دکھ ہے اس میں بائیس سالہ جدوجہد کرنے والے لیڈر نے اپنے اصولوں کو کرسی پر قربان کر دیا۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



اے مین قتل ہوا۔۔ میں روٹی کھاؤں

عنایت اللہ رگام

جب بھی چکلور جانا ہوتا ہے، دوسرے دن علم و ادب دوستوں، شاعروں، قلمکاروں، مصنفین، صحافیوں سے ملاقات، دعا و سلام، سلیمانی چائے سے مہمان نوازی، اپنی کتابیں سوغات میں پیش کرتے مجلس خوب گرم ہوتی ہے گھنٹوں گپ شپ لگانے کے ساتھ ساتھ بہت کچھ ایک دوسرے سے سیکھتے ہیں، رات میں دیئے ہوئے کتابوں کو پڑھ کر علم کی پیاس بجھاتا ہوں، اس دفعہ اپنے قریبی عزیز کے فاتحہ خوانی کرنے گیا، لیکن مہربانوں سے ملاقات نہ ہوئی، لیکن ایک پرانے دوست سے ملاقات ہوئی، کہا بلوچی کتاب پڑھو گے، اثبات میں سر ہلایا کر کہا نیکی اور پوچھ، بلوچی کتاب دی ساتھ والی دکان میں ایک ساتھ بیوروکریٹ واجہ فقیر محمد عنبر کی دکان گیا محترم کی حال ہی میں لکھی ہوئی یادداشتوں اور رسم و رواج پر مشتمل لکھی ہوئی کتاب لائی پڑھنے کو دی، خود تریاق پینے لگا راقم پڑھنے میں مشغول رہا، زندگی میں پہلی دفعہ کسی کو تریاق پیتے ہوئے دیکھا انتہائی افسوس ہوا نوجوان تریاق کا عادی ہے

فقیر محمد عنبر کتاب میں لکھتا ہے جب میں تیسری جماعت میں تھا اپنے ایک دوست کے ساتھ بازار جا رہا تھا انگریز کمانڈنٹ برون ہاتھ میں چھڑی لیکا چہل قدمی کر رہا تھا 1942 کی بات ہے اس زمانے میں سو فیصد امن و امان تھا کمانڈنٹ برون نے روک کر کہا کہ ہر جا رہے ہو میرا ساتھی عمر کے لحاظ سے مجھ سے بڑا تھا کہا سودا لینے کیلئے بازار جا رہے ہیں اچھا پڑھتے ہو، جی ہاں پڑھ رہے ہیں مجھ سے پوچھا تم بھی پڑھتے ہو، جی ہاں، ان کی نظر میرے پاؤں پر پڑا، میں پادشپاد، (ننگے پیر) تھا اپنی چھڑی میرے پاؤں پر رکھا اور کہا تم کیوں ننگے پیر ہو، میں نے کہا میں غریب ہوں جوتے لینے کیلئے پیسے نہیں، اپنی پتلون کی جیب سے آدھی روپی نکالی اور دی جاؤ اپنے لئے جوتے خرید لو، سیدھا موچی کے پاس گیا آدھی روپی دی اور کہا مجھے چوٹ دے دو، اس نے پیسے لی اور ایک جوڑے چوٹ دی، چوٹ کو پہن لی، اپنی زندگی میں پہلی دفعہ چوٹ پہن لی، اس زمانے میں چکلور کا ہیڈ کوارٹر سب ایسائی میں تھا 1942 میں چکلور میں تین پرائمری اسکول تھے، 1945 میں پانچویں جماعت پاس کی، وزیر اعظم عبدالحمید چکلور آیا، علاقائی معتبرین نے باہمی مشاورت سے فیصلہ کیا، وزیر اعظم سے اپنے پرائمری اسکول کو مڈل کا درجہ دینے کا مطالبہ کرتے ہیں، سب اس بات سے متفق ہو گئے، پرائمری اسکول اپ گریڈ کرنے کا مطالبہ کیا، پروگرام میں وزیر اعظم نے اسکول کو اپ گریڈ کرنے کا اعلان کیا اور حکم نامہ جاری کر دیا، ہم آٹھ بچوں نے جماعتیں ششم میں داخلہ لیا، ہم آٹھ تھے ان میں سے ایک محمد حیات تھے، مڈل پاس کرنے کے بعد والدین کے پاس اتنے پیسے نہیں تھے مجھے آگے پڑھا سکتے، ہائی اسکول مستونگ تھا، میں سوچنے لگا اب میں کیا کروں، یہ سوچ کر میں میر محمود خان بگٹی کے پاس گیا، واجہ میں اپنی تعلیم کو جاری رکھنا چاہتا ہوں میرے ساتھ تعاون فرمائے، اس نے میرے پھٹے کپڑوں پر نظر ڈالی کہا، جاؤ نوکری کر لو، آگے پڑھنا آپ کی بس کی بات نہیں، یہاں سے مایوس ہو کر میں نواب سربلند خان بگٹی کے پاس گیا، ان سے بھی یہی عرض کی، بیٹا می

شال بقیہ 1

کرنے کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لئے منعقدہ اجلاس کے دوران کیا، چیئرمین وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم سجاد احمد بھٹہ، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نورالامین مینگل، رکن وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کلیم اللہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن عثمان علی خان اور دیگر متعلقہ حکام اجلاس میں شریک تھے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے ان منصوبوں کے معائنہ کے موقع پر جن کمزوریوں اور کوتاہیوں کی نشاندہی کی تھی انہیں ٹھیک کئے بغیر ان منصوبوں کے معیار کو بہتر نہیں بنایا جاسکتا، انہوں نے کہا کہ اگر ہم تعمیراتی منصوبوں کی خامیوں کو سامنے لاکر انہیں ٹھیک نہیں کریں گے تب تک تعمیر کے معیار کو یقینی نہیں بنایا جاسکتا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ جب کوئٹہ ہی میں تعمیراتی منصوبے غیر معیاری ہوں گے تو پھر اندرون صوبہ منصوبوں کے معیار کا اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے، وزیراعلیٰ نے نواکلی روڈ کے منصوبے کے حوالے سے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ رپورٹ میں منصوبے کی خامیوں کو سامنے نہیں لایا گیا جن کا انہوں نے بذات خود جائزہ لیا تھا، وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ روڈ کی خامیوں کو دور کرنے، معیار کو بہتر کرنے اور علاقے کے لوگوں کے تحفظ اور زیر تعمیر منصوبے پر کسی بھی غیر متوقع حادثے کو روکنے کے لئے حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے، وزیراعلیٰ نے زیر تعمیر سڑک اور ڈرین کے معیار کا جائزہ لینے کے لئے کنسلٹنٹ کی خدمات کے حصول کے ہدایت بھی کی۔

شال بقیہ 2

اختر حسین لانگو، میر زابد ریکی، عبدالواحد صدیقی، انصر اللہ زیرے، صوبائی وزراء، میر ظہور بلیدی، انجینئر زمرک خان اچکزئی، وکلاء، ساجد ترین ایڈووکیٹ، منیر احمد کاکڑ ایڈووکیٹ، نصیب اللہ ترین ایڈووکیٹ، سید باسط شاہ ایڈووکیٹ، ملک منیر کاکڑ ایڈووکیٹ، اور فنی مینگل ایڈووکیٹ، ایڈووکیٹ جنرل ارباب طاہر ایڈووکیٹ ودیگر عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران ڈویژنل بنچ نے آئندہ مالی سال 2020-21ء کی پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) سے متعلق سی ایم آئی ٹی کے سربراہ سجاد احمد بھٹہ کی سربراہی میں کمیٹی قائم کردی جس میں حکومت کی طرف سے دو ممبران میر ظہور احمد بلیدی، انجینئر زمرک اچکزئی، اپوزیشن کی طرف سے ملک سکندر ایڈووکیٹ، ملک نصیر احمد شاہوانی کے علاوہ صوبائی سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری لاء اور چیف اکنامسٹ بھی کمیٹی میں شامل ہوں گے، کمیٹی آئندہ مالی سال 2020-21ء کی پی ایس ڈی پی کا جائزہ لے گی کہ پی ایس ڈی پی میں شامل کئے گئے منصوبے سپریم کوٹ آف پاکستان، بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات اور پلاننگ کمیشن آف پاکستان کے گائیڈ لائنز کے برعکس تو نہیں، کمیٹی ایک ہفتے کے اندر اپنی تحریری رپورٹ مرتب کرکے عدالت میں جمع کرائے گی جس کے بعد بلوچستان ہائی کورٹ رپورٹ کا جائزہ لیکر فیصلہ کریگی۔

شال بقیہ 3

گردیئے گئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں چیف آرکیٹیکٹ کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن عزیز کاکڑ کی نگرانی میں بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے تعمیر ہونے والی بلڈنگوں کے خلاف کارروائی کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر چیف آرکیٹیکٹ عزیز کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن مہر بلند، اسسٹنٹ کمشنر ڈپٹی کمشنر آفس سیف اللہ کاکڑ اور اسسٹنٹ کمشنر محمد اسماعیل مینگل اور دیگر بھی موجود تھے۔ طارق مینگل نے کہا کہ بلوچستان ہائیکورٹ کے حکم پر بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بننے والی عمارتوں کے خلاف کارروائی کے دوران کوئٹہ کے متعدد نجی ہسپتال کے اہم حصے سیل کردیئے گئے ہیں یہ کارروائیاں بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی اور پارکنگ نہ رکھنے والے ہسپتالوں کے خلاف کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں کا سروے مکمل ہوچکا ہے آج سے کارروائی کا باقاعدہ آغاز کیا گیا ہے ہسپتالوں کی پارکنگ نہ ہونے کے باعث ٹریفک کے مسائل درپیش ہیں ہسپتالوں کے نقشے پاس کراتے وقت پارکنگ اور جن سہولیات کا ذکر تھا اب انکا نام ونشان تک موجود نہیں ہسپتالوں میں پارکنگ کی جگہ لیبارٹریز قائم کی گئی ہے اسی طرح ہسپتالوں میں لفٹ اور بلڈنگ کوڈ کی صورتحال کا بھی جائزہ کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ رہائشی علاقوں کو کمرشل میں تبدیل کرنا بھی غیر قانونی قرار ہوگا۔ چیف آرکیٹیکٹ کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن عزیز کاکڑ نے بتایا کہ کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اس سے قبل بھی بغیر نقشے اور بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے تعمیر ہونے والی عمارتوں کے خلاف وقتاً فوقتاً کارروائی کرتا رہتا ہے بغیر نقشے کے بننے والی اینک درجنوں بلڈنگ پر کام بند کرایا جاچکا ہے اور بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے تعمیر ہونے والی عمارتوں کو گرانے کا کام بھی جاری ہے۔

شال بقیہ 4

اجتماعات، سماجی فاصلے کے بغیر سفر اور موٹر سائیکل کی ڈبل سواری، گاڑی میں دو افراد سے زیادہ سواریوں پر پابندی ہوگی جبکہ ہر شخص کیلئے ماسک یا منہ کو کپڑے سے ڈھانپنا لازمی ہوگا، نوٹیفکیشن کے مطابق سینما ہالز، فارم ہاؤسز، پکنک پوائنٹس، شادی ہالز، جیمز کلبز، سپورٹس کلبز، پارکس، ہوٹلز، آڈیٹوریمز، شورومز اور بیوٹی پارلرز بھی بند رہیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام دکانیں، مارکیٹیں، سٹورز، صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک ہفتے میں صرف 6 دن کھلے رہیں گے جبکہ جمعہ کو مکمل لاک ڈاؤن ہوگا، شام 7 بجے کے بعد لاک ڈاؤن کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف کارروائی کی جائیگی تاہم تندور، ڈیری فارمز، میڈیکل سٹورز، بلڈ بینکس، اشیائے خوردونوش کی دکانیں 24 گھنٹے کھلے رہیں گی جبکہ بیکریز صبح 9 بجے سے رات 9 بجے تک کھلی رہیں گی جبکہ ہوٹلز 24 گھنٹے صرف پارسل کی صورت میں کھانا فراہم کرسکتا ہے، اس کے علاوہ انٹرسٹی اور انٹراسٹی ٹرانسپورٹ ایس او پیز کے تحت چلانے کی اجازت ہوگی، نوٹیفکیشن کے مطابق محکمہ داسما، میونسپلٹی، کیسکو، پی ٹی اے، پی ٹی سی ایل، این ٹی سی، این ڈی سی، ایس ایس جی سی ایل، پی پی ایل، او جی ڈی سی ایل اور بی ایم ای کے ملازمین مستثنیٰ ہونگے، نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ ہر شخص ماسک اور سینیٹائزر کا استعمال کریگا دکانوں میں ماسک کے بغیر کسی بھی اندر آنے کی اجازت نہیں ہوگی، محکمہ داخلہ وقبائلی امور کے نوٹیفکیشن کے مطابق سمارٹ لاک ڈاؤن 30 جولائی تک نافذ العمل رہے گا۔

شال بقیہ 5

نہیں بلکہ ملک دشمن عناصر ہیں جو بھارت سے براہ راست تعلقات اور فنڈنگ لیتے ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان اور عوام اب ان عناصر کو پہچان چکے ہیں اور انہیں مسترد کردیا گیا ہے مجھ سمیت بلوچستان کا ہر شخص اپنے حقوق کی جدوجہد اور محرومیوں کے خاتمے کے لئے آئین پاکستان کے دائرے میں رہتے ہوئے پرامن جمہوری جدوجہد کررہے ہیں بلوچستان کا نوجوان آج اپنی اور صوبے کی خوشحالی وترقی کے لئے تعلیم حاصل کررہا ہے ہم بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کررہے ہیں تاکہ انہیں باعزت زندگی گزارنے کے لئے سہولیات مہیا ہوں، میر ضیاء لانگو نے کہا کہ بلوچستان میں بچے بچے دہشتگرد پہاڑوں پر بیٹھ کر کارروائیاں کررہے ہیں انکے ہندوستان کے ساتھ براہ راست تعلقات ہیں ان بچے بچے دہشتگردوں کو بھی جلد سیکورٹی فورسز کی مدد سے ختم کردیا جائیگا۔

شال بقیہ 6

ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ، بولان میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نقیب اللہ اچکزئی، یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، لورالائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مقصود احمد، ویمن یونیورسٹی کی قائم مقام وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر انجم، میر چاکر خان یونیورسٹی سبی کے وائس چانسلر ڈاکٹر علی نواز مینگل، بیوٹمر یونیورسٹی کے پرو۔وائس چانسلر ڈاکٹر فیصل کاکڑ اور پرنسپل سیکرٹری گورنر بلوچستان نصر اللہ جان موجود تھے۔ گورنر بلوچستان نے وائس چانسلرز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جدید سہولیات سے بھرپور استفادہ کرکے ہی ہم اپنے کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں صحتمند ماحول کو فروغ دینے، تعلیمی معیار کو اونچا کرنے اور درس وتدریس کے طریقہ کار کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں کامیاب ہو جائینگے، گورنر یاسمین زئی نے کہا کہ ہم جان لیوا کرونا وائرس کے باعث صوبے کی تمام سرکاری یونیورسٹیوں میں جاری آن لائن کلاسوں اور بالخصوص دور افتادہ اضلاع کے ان طلبہ کو درپیش مشکلات کا بغور جائزہ لے رہے ہیں جو انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرنے کی سہولت سے محروم ہیں۔ اور اس ضمن میں پی ٹی اے کو بھی دور افتادہ علاقوں میں انٹرنیٹ کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانے کی ہدایت کی ہے۔ گورنر بلوچستان نے تمام وائس چانسلر پر زور دیا کہ وہ اپنے آئندہ ہونے والے اجلاس میں آن لائن کلاسز کے حوالے سے دور افتادہ اضلاع پر اپنی بھرپور توجہ مرکوز رکھتے ہوئے درپیش مشکلات سے متعلق اپنی رپورٹ پیش کرے تاکہ تمام وائس چانسلرز صاحبان اور دیگر متعلقہ ذمہ داران کی تجاویز اور مشاورت کی روشنی میں آن لائن کلاسوں کے حوالے سے حتمی فیصلہ کیا جائے۔ وائس چانسلرز اجلاس میں عالمی وبا سے پیدا ہونے والی صورتحال، انٹرنیٹ سہولت کی دستیابی اور اسٹوڈنٹس کو درپیش مشکلات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور اجلاس میں موجود شرکاء کی تجاویز اور سفارشات کے نتیجے میں کئی اہم فیصلے کئے گئے۔

شال بقیہ 7

صوبتیں برداشت کیے، وقت کا تقاضا ہے کہ بلوچ پشتون اس نام نہاد سلگیڈ حکمرانوں کے خلاف کم سے کم نقاط پر متحد و منظم ہوکر جدوجہد کرے ورنہ یہ مسلط کردہ حکومت بلوچستان کی ساحل وسائل کی طرح ہمارے نگ و ناموس کو بھی بیچ دیگے۔ بلوچستان کے کوئلہ پروفاقی محکموں میں 22 ہزار سے زائد جعلی و بوگس لوکل وڈومسائل پر غیر مقامی افراد کی بھرتی 73 سالہ محرومیوں اور زیادتیوں کا تسلسل ہے ان خیالات کا اظہار انھوں نے مستونگ میں شہید چیئرمین منظور بلوچ کی رسم چہلم اور شہداء بلوچستان ڈے کی مناسبت سے تعزیتی مرکزی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر تعزیتی جلسے سے بی این پی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری موسیٰ بلوچ بی ایس او کے مرکزی رہنماء جہانگیر منظور بلوچ نیشنل پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن اسلم بلوچ نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی رہنماء میر اقبال زہری بی این پی کے ضلعی صدر میر عبداللہ مینگل جماعت اسلامی کے امیر مولانا خلیل الرحمان شاہوانی گریڈ ایکس کے چیئرمین حاجی انور شاہوانی ودیگر نے بھی خطاب کیا۔ مقررین شہید چیئرمین منظور بلوچ شہید حبیب جالب بلوچ اور شہداء بلوچستان کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید چیئرمین منظور بلوچ محض ایک سیاسی کارکن کا نام نہیں بلکہ ایک سوچ وفکر اور جہد مسلسل کا نام ہے جنھوں نے زمانہ طالب علمی سے لے کر تا شہادت انتہائی مشکل حالات کے باوجود پارٹی پروگرام کے ساتھ ڈٹے رہے۔

شال بقیہ 8

چند سمجھی بھر دہشت گردوں کو حکومت کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دیگے اور نہ ہی انھیں اپنے عزائم کی تکمیل کی اجازت دی جائیگی انہوں نے کہا کہ بیرونی اشاروں پر ملک اور صوبے کے محب وطن عوام کی قسمت کے فیصلوں کا کوئی حق حاصل نہیں ہے حکومت صوبے میں عوام کی حفاظت کیلئے افواج پاکستان کو ہر ممکن مدد اور سپورٹ فراہم کرنے کیلئے اقدامات کررہی ہے اور کرتی رہیگی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن وترقی دشمنوں کو صوبوں میں حکومت کے جانب سے ترقیاتی منصوبے ہضم نہیں ہورہے اور وہ عوام اور صوبے کی ترقی کے دشمن ہیں اس لیئے وہ رات یا پھر چھپ کر ہمارے فوجیوں کو ٹارگٹ کررہے ہیں جنکا ہمارے فورسز نے ہمیشہ بہادری جوانمردی اور ہمت کے ساتھ منہ توڑ جواب دیا ہے جسپر ہمیں فخر ہے انہوں نے کہا کہ عوام اور حکومت کو اس طرح کے بزدلانہ حملوں سے کسی صورت ڈرایا دھمکایا نہیں جاسکتا حکومت اور عوام کا عزم اس مزید پختہ ہوتا جارہا ہے انہوں نے پاک فوج کے اہلکاروں کی شہادت کے لیئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ تمام کی شہادتیں قبول فرمائے اور انکے ورثاء کو صبر جمیل نصیب فرمائے اور تمام زخمیوں کو جلد صحتیابی نصیب فرمائے۔

شال بقیہ 9

قائداعظم محمد علی جناح کی ریزیڈنسی کا دورہ کیا اور ریزیڈنسی کے مختلف حصے دیکھے اس موقع پر انہوں نے بانی پاکستان کے زیر استعمال اشیاء میں گہری دلچسپی اور قائداعظم ریزیڈنسی کی شاندار انداز میں تعمیر وبحالی پر خوشی کا اظہار کیا انہوں نے حکومت پنجاب کی طرف سے قائداعظم ریزیڈنسی کیلئے تعاون کی پیشکش بھی کی، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائداعظم ریزیڈنسی پاکستان کا اثاثہ ہے جسکی دل وجان سے حفاظت کریں گے قائداعظم سے منسوب ہر یادگار پاکستانیوں کو جان سے پیاری ہے قائداعظم محمد علی جناح کا احسان ہم تا قیامت نہیں اتار سکتے ایسے عظیم رہنما صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں پاکستان کے مسائل کا حل قائداعظم محمد علی جناح کے فرمودات میں مضمر ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار سے زیارت میں مقیم پنجاب سے تعلق رکھنے والے معززین اور شہریوں اور قبائلی عمائدین نے بھی ملاقات کی، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے تعاون سے پنجاب سے تعلق رکھنے والے افراد کے مسائل حل کریں گے۔

شال بقیہ 10

اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ منصوبے سے 64 لاکھ ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ ہوسکے گا اور ڈیم سے 12 لاکھ ایکڑ زمین سیراب ہوسکے گی، منصوبے سے 4500 میگاواٹ سستی بجلی مل سکے گی۔ لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عاصم باجوہ نے کہا کہ سیمنٹ اور اسٹیل کی صنعتوں کو ترقی ملے گی، منصوبے سے 16 ہزار نوکریاں پیدا ہوں گی اور ٹیکسل گرڈ کو سالانہ 18 ارب 10 کروڑ یونٹ پن بجلی ملے گی، ملک میں پانی کی کمی کو پورا کرنے میں مدد ملے گی اور سیلاب کی تباہ کاریوں سے بچا جاسکے گا، قومی خزانے کو 290 ارب کا فائدہ ہوگا۔

شال بقیہ 11

بنائیں، وبا پر قابو پانے کے لئے ہمیں عوام کا تعاون درکار ہے۔ بدھ کو وزیر داخلہ اعجاز احمد شاہ نے عیدالاضحیٰ کے حوالے سے مرتب کردہ ایس او پیز اور ماڈل مویشی منڈی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ اعجاز شاہ نے کہا کہ کرونہ کیسز میں کمی آنے پر کے پی حکومت کی کاوشوں کو سراہتے ہیں۔ وزیر داخلہ اعجاز احمد شاہ نے وفاق کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی، وزیر داخلہ نے کہا کہ عوام سے اپیل ہے کہ عید سادگی سے منائیں۔ اعجاز شاہ نے کہا کہ تمام افراد حفاظتی اقدامات پر عمل کرنے کو یقینی بنائیں، انتظامیہ بھی ایس او پیز پر عمل درآمد کو ہر صورت ممکن بنائے۔ اعجاز احمد شاہ نے کہا کہ لاپرواہی ہمارے لئے آئندہ دنوں میں مشکل صورتحال پیدا کرسکتی ہے۔ اعجاز احمد شاہ نے کہا کہ ہمیں بحیثیت قوم اس وبا کا مقابلہ کرنا ہے، حکومتی سطح پر ہر ممکن کوشش کررہے ہیں کہ عوام کا تحفظ یقینی بنائیں۔ اعجاز احمد شاہ نے کہا کہ وبا پر قابو پانے کے لئے ہمیں عوام کا تعاون درکار ہے۔

شال بقیہ 12

اپنی پریس کانفرنس میں ابراج گروپ کے حوالے سے ایف آئی کی رپورٹ دکھائی مگر اس کا کوئی جواب نہ ملا۔ میں نے اپنی پریس کانفرنس میں عمران خان کی بہن کی کرپشن کا معاملہ اٹھایا مگر کوئی جواب نہیں ملا۔ پی ٹی آئی کی کرپشن کے حوالے سے میں نے سوال اٹھائے مگر نیب اور عدالتیں چپ ہیں، پی ٹی آئی بھی خاموش ہے۔ دریں اثناء ترجمان چیئرمین پیپلز پارٹی سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کہا ہے کہ عمران خان حکومت واضح کرے کہ کیا وہ دوبارہ ضیاء الحق کی پالیسی اختیار کررہی ہے؟ ایک بیان میں ترجمان بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سینیٹ میں بیرسٹر سیف کا بیان خارجہ پالیسی کیلئے تباہ کن ثابت ہوسکتا ہے، ایک وفاقی وزیر کے غیر ذمہ دارانہ بیان نے پی آئی اے کو گراؤنڈ کردیا، ایک حکومتی سینیٹر نے جہاد کا اعلان کرکے خارجہ پالیسی پر خوش حملہ کیا ہے، آمروں کے بوئے ہوئے بیج کو عمران خان حکومت دوبارہ پانی دے رہی ہے، ایک طرف کشمیر پر سرینڈر کردیتے ہیں اور دوسری طرف جہاد کا اعلان ہوتا ہے، بھارت کشمیر ہڑپ کررہا تھا تو وزیراعظم کہہ رہا تھا کہ میں جنگ نہیں کرسکتا، معیشت ہو کہ داخلہ پالیسی یا خارجہ پالیسی حکومت نے ہر شعبے کو تباہ کرکے رکھ دیا ہے۔

شال بقیہ 13

جانب سے کورونا وائرس کی وباء کے پیش نظر مختلف شہروں سے آنے والا سامان صارفین کے گھروں تک نہیں پہنچایا جارہا اور نہ ہی اس متعلق کسی قسم کی اطلاع دی جارہی ہے جسکی وجہ سے شہریوں کو ایک طرف ذہنی اذیت کا سامنا ہے تو دوسری جانب کئی افراد کا کوئٹہ آنے والا سامان متعدد دنوں تک کھلے عام پڑے رہنے کی وجہ سے خراب یا پھر اسے نقصان پہنچا ہے، کوئٹہ کے عوامی حلقوں کی جانب سے وزیر مواصلات مراد سعید، پوسٹ ماسٹر جنرل بلوچستان سمیت دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ایس او پیز کے تحت دیگر کوریئر سروسز کی طرح پاکستان پوسٹ کو بھی گھروں تک پارسل اور سامان ترسیل کرنے کی اجازت دیں تاکہ شہریوں کی مشکلات کا ازالہ کیا جاسکے۔

شال بقیہ 14

عوام کی خوشحالی عمران خان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیامیر بھاشا ڈیم کی تعمیر آبی ضروریات کے تحفظ کی ضامن ہوگی، یہ اقدام معاشی سرگرمیوں کی روانی میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ نوکریوں کے مواقع میسر آئیں گے، لاکھوں ایکڑ سیراب ہوں گے۔

شال بقیہ 15

دینگے موجودہ منتخب نمائندوں نے عوام کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا ہے ملاقات میں میر عبدالکریم نوشیروانی نے مزید کہا کہ جب سے نئے نمائندگان نے منصب سنبھالا ہے خاران بشمول رخشان ڈویژن میں روز بہ روز نئے مسائل پیدا ہورہے ہیں عوام مختلف مسائل ومشکلات سے دوچار ہیں نظریہ کے بل بوتے پر تجدید کا نعرہ لگا کر خاران کو لندن بنانے والوں نے خاران کے فرد فرد کو نان شبینہ کا محتاج بنادیا ہے خاران میں ایسا کوئی ادارہ نہیں ہے جو موجودہ نمائندگان کے آشیرباد سے تباہی کے دہانی تک نہ پہنچا ہو ہمارا مشن خاران کو تعمیر وترقی کی طرف گامزن کرنا تھا مگر موجودہ نمائندگان خاران کے موجودہ مسائل کو حل کرنے میں مکمل ناکام ہوچکے ہیں انشاء اللہ عوام ان سے خود احتساب لے گا ملاقات میں سابق وفاقی وزیر جنرل ر عبدالقادر بلوچ نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ خاران کے عوام کو انشاء اللہ موجودہ مایوسی سے جلد نکالیں گے عوام کو بھی بتانا نہیں چھوڑیں گے انھوں نے کہا اس وقت خاران میں سب سے اہم مسئلہ پینے کا پانی اور صحت کا ہے جس کا تعلق لوگوں کے زندگیوں سے ہے جب کہ موجودہ ایم پی اے وایم این ایس احسان پانی اور صحت کے مسئلے کو لے کر کسی بھی طرح سنجیدہ نظر نہیں آرہے ہیں گزشتہ دنوں پارٹی رہنماؤں کے ساتھ پانی کے اہم مسئلے کو لے کر خاران میں ہم نے پریس کانفرنس کیا تھا کہ خاران کا پانی پینے کے قابل نہیں ہے موجودہ نمائندگان کو چاہئے تھا کہ اس اہم مسئلے پر کوئی پیش رفت دکھاتے مگر موجودہ نمائندگان اس قدر نااہل ہوچکے ہیں کہ اب پورا شہر پانی کے بوند بوند کے لیے ترس رہی ہے جبکہ بتاب واٹر پروجیکٹ خاران کو گھر گھر پانی پہنچانے کا اہم پروجیکٹ تھا مگر موجودہ نمائندوں نے اس اہم واٹر پروجیکٹ منصوبے کو نظر انداز کرکے اپنے پی ایس ڈی پی فنڈز نا کام منصوبوں پر لگا رہے ہیں۔

شال بقیہ 16

ہے کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان نے عوام کیساتھ جو وعدے کئے تھے وہ سب بھول گئے پاکستان پر ایک ایسا جعلی وزیراعظم مسلط کیا گیا ہے جو اپنے گھر والوں کو بھی متاثر نہیں کرسکتا اور حکمرانی کررہے ہیں جو ماضی کے حکمرانوں کی طرح محکوم قوموں کے ساتھ اسی طرح سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا ہے اور فراڈ کے ذریعے وزیراعظم بن کر الیکشن سے پہلے جو وعدے کئے بالخصوص نوجوان تعلیم یافتہ بے روزگار، خواتین طلباء وطالبات کے ساتھ دھرنے میں جو سبز باغ دکھائے ایک کروڑ نوکریاں، پچاس لاکھ گھر، کرپشن کی روک تھام اور میرٹ کی بالادستی ہوگا یہ سب وعدے فراڈ اور دھوکہ ثابت ہوئے عمران نیازی کی حکومت میں رشوت پہلے سے اب زیادہ ہے ایک پوسٹ کو لاکھوں روپے میں فروخت کی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ اسی طرح بلوچستان سے جعلی لوکل سرٹیفکیٹ اور جعلی ڈومیسائل بنا کر صوبے میں ملازمتیں دینا بلوچستان کے ساتھ دشمنی ہے انہوں نے کہا کہ جعلی لوکل سرٹیفکیٹس بنانے والوں کیخلاف جو کمیٹی بنائی گئی ہے وہ صرف صوبے کے عوام کو فرخانے کے لئے بنائی گئی ہے جو بھی اس ناروا عمل میں ملوث ہے ان کے خلاف کارروائی اور سزا دینی چاہئے۔

شال بقیہ 17

سول ایوی ایشن سی اے اے کے آفیشل فیس بک پیج پر دستیاب ہوں گے۔ آن لائن کچہری میں تمام مشکلات اور شکایات کا ازالہ کیا جائیگا، مسافروں کو شکایات اور کوائف کمنٹ باکس میں درج کرانا ہوں گے، آن لائن کچہری میں ملک بھر کے تمام ایئرپورٹ منیجرز بھی موجود ہوں گے جو مسافروں کی شکایت کے ازالے اور ان کے فوری حل کیلئے فوری اقدامات کریں گے۔

شال بقیہ 18

ہیں، وزیراعظم نواز شریف نے دیامیر بھاشا ڈیم منصوبہ کو عملی شکل دی، دو سال تاخیر کے بعد عادی منصوبہ چور تحریک انصاف حکومت دیامیر بھاشا ڈیم کا کریڈٹ لینے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد نواز شریف نے تین سال قبل قوم کو بھاشا اور داسو ڈیم پر کام شروع ہونے کی خوشخبری دی تھی، یہ نواز شریف تھے جنہوں نے تین سال قبل دیامیر بھاشا ڈیم کی تعمیر کے مالیاتی منصوبے کی منظوری دی تھی، نواز شریف نے کھٹائی میں پڑے منصوبے کے لئے زمین کے حصول سمیت بنیادی کام کیا اور راستے کی رکاوٹیں دور کیں، یہ نواز شریف تھے جن کی محنت سے آئرن برادر چین اس منصوبے میں شراکت دار بنا، وزیراعظم نواز شریف نے 2018 کے آخر تک منصوبے پر عملی کام شروع کرنے کی ہدایت کی تھی، موجودہ حکومت نے اس اہم قومی منصوبے میں 2020 تک تاخیر کی تھی، 10 سال میں ڈیم کی تعمیر ہونا تھی، یہ نواز شریف کے ملک سے بجلی اور آبی قلت دور کرنے کے وژن کا حصہ تھا، اس منصوبے کا مقصد 4500 میگاواٹ بجلی اور لاکھوں ایکڑ اراضی سیراب کرنا تھا، پاکستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ہر منصوبے پر محمد نواز شریف کا نام لکھا ہے، محض گالیاں دینے اور الزام لگانے والوں کو کیا معلوم ملکی ترقی اور تعمیر کے ان منصوبوں پر نواز شریف نے کتنی محنت کی۔

شال بقیہ 19

انہوں نے ایک ٹی وی پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پروگرام میں انجمن تاجران ہزار گنجی زون کے صدر سید عبدالخالق آغا بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ کورونا کے باعث جو اقتصادی سرگرمیوں میں سست روی آئی اس کو دور کرنے کیلئے وزیراعظم نے ترقیاتی حوالوں سے ایک پیکیج کا اعلان کردیا ہے جس میں دو لوگ حصہ لے سکتے ہیں جو سرکاری ملازمت نہیں رکھتے بلکہ انفرادی اور کمپنی کی صورت میں حصہ لے سکتے ہیں 30 دسمبر تک جو لوگ رقم یا زمین حوالے کرینگے اس کی گارنٹی دینگے ان کو رجسٹرڈ کیا جائیگا ان کی رقم اور زمین بھی محفوظ ہوگی، چیمبر آف کامرس ہو یا دیگر تاجر تنظیمیں وہ اس سلسلے میں ہمارے ساتھ تعاون کریں گے عوام کو باخبر کرنے کیلئے جلد آگاہی مہم شروع کی جائیگی، انہوں نے ترقیاتی پیکیج کے حوالے سے مختلف امور پر روشنی ڈالی اور عوام کو اس کی افادیت سے آگاہ کیا۔

شال بقیہ 20

ستائیس جولائی تک محکمہ ہیلتھ کے اہلکار لوگوں کو گھر گھر جاکر اڑھائی سال تک کے بچوں کو دس متعدی بیماریوں سے حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال قلات اور ضلع قلات کے تمام بی ایچ یوز میں بھی حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات ہر وقت دستیاب ہیں انہوں نے قلات کے سیاسی وسماجی کارکنوں اور میڈیا سے اپیل کی ہے کہ وہ اس خصوصی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اس خصوصی مہم میں زیادہ سے زیادہ بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگوائیں تاکہ ہماری آنے والی نسلیں ان خطرناک بیماریوں سے محفوظ رہیں ان متعدی بیماریوں میں خناک کالی کھانسی خسرہ تپدق تشنج کالا یرکان نمونیا اور بچوں کا دست شامل ہیں۔

شال بقیہ 21

تیاری نہیں کیا، ہم آپ کی عمر سے گزر چکے ہیں، اس عمر میں ہم کیس کی تیاری کیلئے راتوں کو سوتے تک نہیں تھے جبکہ عدالت عظمیٰ نے گریڈ دن کے ٹیوٹا کے ملازم کے خلاف محکمے کی اپیل خارج کر دی۔ جمعرات کو دوران سماعت چیف جسٹس نے وکیل سے کہا کہ آپ اپنا کیریئر برباد کررہے ہیں، افسوس کی بات ہے کہ نوجوان وکیل بغیر تیاری سپریم کورٹ میں پیش ہوا، آپ کو کیس کے بارے کچھ علم نہیں، اسٹینڈنگ آرڈیننس کیا ہے آپکو اس کا بھی علم نہیں، معلوم نہیں آپ نے سپریم کورٹ کا لائسنس کیسے حاصل کیا؟ بعد ازاں عدالت نے گریڈ دن کے ٹیوٹا کے ملازم کے خلاف محکمے کی اپیل خارج کردی۔

شال بقیہ 22

بھائیوں کے شہید ہونے کے بعد گھر میں کہرام مچ گیا، ان کی نماز جنازہ میں سیاسی سماجی رہنماؤں نے شرکت کی اور انہیں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا اور تعزیت وارڈ نمبر 7 میں لی جاری ہے واضح رہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماء نصیر احمد منگریو اور واپڈا کے سینئر لائن سپرنٹنڈنٹ عبدالغنی منگریو کے سگے بھائی ہیں۔

شال بقیہ 23

جسٹس نثار احمد کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے ججز اور عدلیہ کے خلاف آغا افتخار الدین توہین آمیز ویڈیو از خود نوٹس کی سماعت کی۔ دوران سماعت ملزم کی جانب سے کہا گیا کہ بحیثیت مسلمان معافی چاہتا ہوں کیونکہ اللہ کی عدالت میں بھی پیش ہونا ہے، اس پر بنچ کے رکن جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیے کہ آپ کو بولنے سے پہلے سوچنا چاہیے تھا۔ جسٹس مظہر عالم نے ریمارکس دیے کہ انسان کو سمجھ بھی غلطی کرنے کے بعد ہی آتی ہے۔ اس موقع پر چیف جسٹس کی جانب سے یہ ریمارکس آئے کہ اگر آپ کو معاف کردیا تو پورے ملک کا نظام فیل ہوجائے گا، عدالت اور اس کے ججز کے ساتھ مذاق نہیں کرسکتے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ آپ کے دنیا بھر میں رابطے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ غلطی سرزد ہوگئی، اس پر عدالت میں موجود اٹارنی جنرل نے کہا کہ اس معاملے پر توہین عدالت کے قانون کا اطلاق ہوتا ہے۔ جس پر چیف جسٹس نے اٹارنی جنرل سے پوچھا کہ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی اہلیہ کا بیان حلفی عدالت میں جمع

حکومت عوام اور پاک فوج سمیت تمام فورسز ایک پیج پر ہے، نور محمد دمڑ

دہشت گردوں کے اسطرح پیچھے پیٹ وار کرنے سے فورسز کے حوصلے پست نہیں کر سکتے

پاک فوج اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں کا ملکی دفاع کیلئے قربانیاں ناقابل فراموش ہے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

ڈیرہ بگٹی، کیسکو چیف محمد عارف نوابزادہ شازین بگٹی سے ملاقات کر رہے ہیں

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے واہی چیک کے قریب سیکورٹی فورسز کی پیٹرولنگ کی گاڑی پر دہشت گردوں کی حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ اور پیچھے پیٹ وار کرنے سے یہ ثابت ہوگیا ہے کہ اب بلوچستان میں دہشت گردوں کو پھیلنے کیلئے کوئی جگہ نہیں رہے پیچھے دہشتگردوں کے دن گنے جا چکے ہے حکومت بلوچستان، بلوچستان کی عوام اور پاک فوج سمیت تمام فورسز ایک پیج پر ہے دہشت گردوں کے اسطرح پیچھے پیٹ وار کرنے سے فورسز کے حوصلے پست نہیں کر سکتے پاک فوج اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں کا ملکی دفاع کیلئے قربانیاں ناقابل فراموش ہے ملکی سلامتی و دفاع کیلئے جانے قربان کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے حملے میں تفصیل نمبر 34 صفحہ 3 پر

لیویز انٹیلی جنس ٹیم کی کاروائی سرف گاڑی سے 27 کلو چرس برآمد

خضدار (نامہ نگار) لیویز انٹیلی جنس ٹیم کی کاروائی سرف گاڑی سے 27 کلو چرس برآمد۔ تفصیلات کے مطابق تحصیلدار خضدار زاہد شاہوانی نائب تحصیلدار حبیب بگٹی کے ہمراہ لیویز میڈ کوارٹر خضدار میں گشت کرتے ہوئے کیا تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

صوبے کیلئے واحد میڈیکل یونیورسٹی وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

یونیورسٹی میں حالیہ ہونے والی میڈیکل فیکلٹی کی اپ گریڈیشن قابل تعریف ہے

موجودہ حالات میں ینگ ڈاکٹرز کو بھی احتجاج کی راہ اختیار کرنے پر مجبور کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے ترجمان کیاری کردہ بیان کے مطابق چیئرمین سپریم کونسل ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان ڈاکٹر حفیظ مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے کیلئے واحد میڈیکل یونیورسٹی وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، یونیورسٹی میں حالیہ ہونے والی میڈیکل فیکلٹی کی اپ گریڈیشن قابل تعریف ہے مگر اس کے ساتھ ہی 2 سال گزر جانے کے باوجود بھی یونیورسٹی کی جانب سے بائیکر سٹیڈیز پروگرامز اور دیگر امور کیلئے تاحال کسی بھی قسم کی کوئی پیش رفت نہ تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

گیس سپلائی کرنے والے بلوچستان کی بچیاں چن چن کر لکڑیاں جلاتی ہیں

18 ویں ترمیم کے تحت سینڈک ریکوڈک اور دیگر منصوبوں کو منتقلی میں بیوروکریسی آڑے آجاتی ہے

جن منصوبوں نے اربوں روپے دیئے ملک کو دولت دی آج اسی صوبے کو دو فیصد بھی نہیں ملتا، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے کہا ہے کہ ملک بھر کو گیس سپلائی کرنے والے بلوچستان کی بچیاں چن چن کر لکڑیاں جلاتی ہیں 18 ویں ترمیم کے تحت سینڈک ریکوڈک اور دیگر منصوبوں کو منتقلی میں بیوروکریسی آڑے آجاتی ہے جن منصوبوں نے اربوں روپے دیئے ملک کو دولت دی آج اسی صوبے کو دو فیصد بھی نہیں ملتا ملک بھر میں 31 لاکھ کیوسک پانی سمندر میں جارہا تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، اسپیشل سیکرٹری برائے صحت حافظ طاہر فاطمہ جناح ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

اتحاد اور استحکام قوموں کی ترقی کے ضامن ہوتے ہیں، نوجوان سماجی رہنماء فائق علی بلیدی

ہر قوم کو ترقی پزیر قوموں کی شمار ہونے لیے ایک پلیٹ فارم کی ضرورت پڑتی ہے، فائق بلیدی

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے نوجوان سیاسی و سماجی رہنماء فائق علی بلیدی نے کہا ہے کہ آج دنیا میں جتنی بھی قومیں کامیاب ہیں انکے پیچھے ایک مضبوط اتحاد کا ہاتھ رہا ہے بلوچستان میں بلوچ زبان بولنے والی سینکڑوں قومیں موجود ہیں جو اتحاد و اتفاق کی وجہ سے پوری دنیا میں جانی جاتی ہیں تمام تر وجوہات کو سامنے رکھ کر اب بلیدی قوم سے تعلق رکھنے والے بھائیوں کے لیے خوشخبری ہے کیونکہ اب باقاعدہ بلیدی قومی اتحاد کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے جسکا جلد افتتاح کیا جائے بلیدی قومی اتحاد کے قیام کا مقاصد قوم کے تمام افراد کو ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے مشکل حالات ہوں یا کوئی بھی مسئلہ قومی اتحاد کی تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر

ہمارے بلوچستان میں کرائے کھیل کے ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے، غلام مرتضی صاحب

سگریٹ نوشی کو ہماری نوجوان نسل فیشن کے طور پر استعمال کر رہی ہے حالانکہ یہ بھی ایک نشہ ہے

کوئٹہ (نامہ نگار) سارک مرتضی اکیڈمی کرانے فیڈریشن کی سیکرٹری صدر غلام مرتضی صاحب نے کہا کہ ہمارے بلوچستان میں کرائے کھیل کے ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے بلکہ مزید سہولیات فراہم کریں تاکہ کھیلاڑی انٹرنیشنل سطح پر ملک کا نام روشن کرسکے سارک مرتضی سریاب اکیڈمی کے استاذ مرتضی صاحب نے عابد عمر صاحب سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سگریٹ نوشی کو ہماری نوجوان نسل فیشن کے طور پر استعمال کر رہی ہے حالانکہ یہ بھی ایک نشہ ہے اور اس کے بہت زیادہ خطرناک نتائج ہیں جن سے وہ بے خبر ہیں یہ آہستہ آہستہ کسی دیمک کی طرح انسان کو اندر سے کھوکھلا کر دیتی ہے اور ایک دن موت تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر

آئے روز مجھے مارنے اور میری بیٹی کو اغواء کرنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں، محمد فاضل کٹوہر

صحبت پور (نامہ نگار) غریب اور کاشتکار محمد فاضل کٹوہر اپنی بیوی اور بچوں سمیت بااثر شخصیات اللہ بخش کٹوہر، بگلا خان کٹوہر، شاہ میر خان کٹوہر اور صابر خان کٹوہر کے ظلم اور زیادتیوں کے خلاف پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

منشیات فروش انسانیت کے دشمن ہیں، حبیب اللہ نچاری

قلات (آن لائن) ایس ایچ او قلات سٹی حبیب اللہ نچاری نے کہا ہے کہ منشیات فروش انسانیت کے دشمن ہیں منشیات کے مکروہ دھندے میں جو بھی ملوث ہوگا چاہے کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو انکے خلاف بلا تفریق کارروائی ہوگی۔

محکمہ صحت کے ایک اعلامیے اور مجاز حکام کی منظوری سے محکمہ صحت کے مختلف ڈاکٹرز کو اگلے عہدے پر مستقل بنیادوں پر ترقی ہے

کوئٹہ (ن ش) محکمہ صحت کے ایک اعلامیے اور مجاز حکام کی منظوری سے محکمہ صحت کے مختلف ڈاکٹرز کو اگلے عہدے پر مستقل بنیادوں پر ترقی ہے۔ جن میں ڈاکٹر محمد انور، کنسلٹنٹ پیتھالوجسٹ B-20 کو صوبائی سنڈیمن ہسپتال کوئٹہ میں کنسلٹنٹ پیتھالوجسٹ کی خالی آسامی پر ڈاکٹر منظور احمد، کنسلٹنٹ پیڈیاٹرسٹ (B-20) ڈی ایچ کیو خضدار، ڈاکٹر عطاء احمد، کنسلٹنٹ پیڈیاٹرشن (B-20) ڈی ایچ کیو تربت کو شیخ خلیفہ بن زید ہسپتال کوئٹہ میں مذکورہ خالی آسامیوں پر ڈاکٹر سہیل مشتاق سینئر میڈیسٹ تفصیل نمبر 59 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی بلوچستان کی تمام سرکاری یونیورسٹیوں کے آن لائن کلاسز سے متعلق وائس چانسلرز اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی ارکان اہم پریس کانفرنس کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی ارکان 16 جولائی بروز جمعرات شام 5 بجے کوئٹہ پریس کلب میں ایک اہم پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

جمعیت علمائے اسلام کسی کو اسلامی تشخص کو مٹانے کی اجازت نہیں دیں گے، حکیم حبیب اللہ بڑیچ

جمعیت علمائے اسلام ہر قسم تعصب ہر قسم قومیت سے پاک امت مسلمہ کی حقیقی مذہبی و سیاسی پلیٹ فارم ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی سرپرست مولانا حکیم حبیب اللہ بڑیچ ضلعی معاون ہاشم مالیات حاجی صالح محمد اور ضلعی معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی اور جمعیت علمائے اسلام اتحاد کا لوئی یونٹ کے سرپرست اعلی مولانا عظمت اللہ اور جنرل تفصیل نمبر 63 صفحہ 3 پر

ملک کو بیرونی دشمنوں سے زیادہ اپنوں سے خطرہ ہے

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

صدر آفس آرڈیننس فیکٹری بنی ہوئی ہے ریاست کے سربراہ کی حیثیت سے سب کو یکساں طور پر دیکھنا چاہئے

صدر مملکت جرم کر رہے ہیں حالانکہ صدر مملکت فیڈریٹنگ یونٹ 22 کروڑ عوام کا ترجمان اور محافظ ہوتا ہے، عثمان خان کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر عثمان خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صدر آفس آرڈیننس فیکٹری بنی ہوئی ہے، ریاست کے سربراہ کی حیثیت سے سب کو یکساں طور پر دیکھنا چاہئے مگر یہاں روایت ہی الٹا چل پڑی ہے ہمیں فیڈریشن کے سربراہ کو جگانا پڑ رہا ہے صدر آفس سے آزاد عدلیہ کو ایک خاص طبقے اور خاص پارٹی کے لئے برخال بنانے کی کوشش کی جارہی ہے ملک کو بیرونی دشمنوں سے زیادہ اپنوں سے خطرہ ہے صدر مملکت تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر

اوتھل اسسٹنٹ کمشنر بیلہ کیپٹن (ر) عارف احمد تحصیلدار لاکھرا نصیر احمد جاسوت کے ہمراہ بلوچی گوٹھ لاکھرا میں گنگو اور سنگھور قبائل کے درمیان زمین کے تنازعہ کے موقع پر جائزہ لے رہے ہیں

گندے پانی سے کاشت کرکے اسے خوراک کے طور پر استعمال کرنا انتہائی نقصاندہ عمل ہے، ایچ ڈی پی

اس پوری آبادی اور علاقہ متاثر ہوکر کئی طرح کے وبائی امراض سے دوچار ہوسکتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں کوئٹہ شہر کے نواحی علاقوں میں گندے نالے کی پانی سے سبزیاں اگانے اور اسے کوئٹہ کے شہریوں پر فروخت کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عمل نواحی علاقوں کے بعد ہزارہ ٹاؤن میں بھی انجام دیا جارہا ہے جہاں انسانی حقوق بلوچستان چیپٹر کے ایک اعلی عہدیدار کی زمینوں پر گندے پانی سے سبزیاں اگانے کے بعد اسے ہزارہ ٹاؤن کے لوگوں پر فروخت کرکے ان کی صحت کے ساتھ کھیلنے کی گھناؤنی کھیل تفصیل نمبر 39 صفحہ 3 پر

حکومت شعبہ زراعت کو جدید خطوط پر استوار کر رہی ہے، میراں بخش گمسی

کاشتکاروں اور زمینداروں کو جدید فارمنگ طریقوں سے مستفید کرا کر انہیں معاشی طور پر مستحکم کیا جارہا ہے

بولان (این این آئی) حکومت شعبہ زراعت کو جدید خطوط پر استوار کر رہی ہے کاشتکاروں اور زمینداروں کو جدید فارمنگ طریقوں سے مستفید کرا کر انہیں معاشی طور پر مستحکم کیا جارہا ہے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق زمینداروں کو زرعی رہنماء اصول بتائے جارہے ہیں تاکہ انکی فصلیں مختلف قسم کی بیماریوں سے بھی محفوظ رہ سکیں اور انکی مارکیٹ تک رسائی ممکن ہو ان خیالات کا اظہار تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

حکومت مزدور و ملازمین کے مسائل کے حل میں ناکام ہوگئی

بلوچستان لیبر فیڈریشن کا 16 جولائی کو 4 بجے ریلی مظاہرے و دھرنے کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت مختلف اداروں میں فرائض سرانجام دینے والے مزدوروں اور ملازمین کو درپیش مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات اٹھائے، بی ایم سی، حاجی تحریک کے رہنماؤں اور ملازمین کیخلاف انتقامی کارروائیاں محکمہ واسا کے مزدوروں کو دو ماہ سے تنخواہیں ادا نہ کرنے اور محکمہ پی ڈی اے میں دس سال سے کنٹریکٹ اور پراجیکٹ میں کام کرنے والے ملازمین کو محکمے میں مستقل نہ کرنے بلوچستان حکومت کی جانب سے تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

سنجاوی لیویز فورس کی مسلم باغ میں کارروائی ایک شخص کو گرفتار کرکے مسروقہ گاڑی برآمد کرلی

سنجاوی (این این آئی) سنجاوی لیویز فورس کی مسلم باغ میں کارروائی ایک شخص کو گرفتار کرکے مسروقہ گاڑی برآمد کرلی، لیویز کے مطابق بدھ کو لیویز فورس نے مسلم باغ کے علاقے نسائی میں ایک مکان پر چھاپہ مار کر فائرنگ کے تبادلے کے بعد گزشتہ شب سنجاوی سے چھینی گئی گاڑی تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

نیشنل پارٹی کچلے ہوئے طبقات اور مظلوم قومیتوں کی جماعت ہے، طاہرہ خورشید

نیشنل پارٹی ذاتی مفادات کو قومی مفادات پر ترجیح دیتی ہے، ڈاکٹر نورین

کوئٹہ کراچی (این این آئی) نیشنل پارٹی محنت کشوں، کسانوں، کچلے ہوئے طبقات اور مظلوم قومیتوں کے حقوق کے حصول کے لئے مصروف جدوجہد ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کی مرکزی رہنما محترمہ طاہرہ خورشید نے ڈاکٹر نورین اور ان کے ساتھیوں کی این پی تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

تبدیلی کے دعویداروں نے ملک کو بحرانی کیفیت سے دوچار کردیا، عبدالقادر لونی

تبدیلی سرکار کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے ملک کی معیشت دیوالیہ ہوچکی، صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام نظریاتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی ژوب میں جماعتی ذمہ داران اور مقامی صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کہ تبدیلی کے دعویداروں نے ملک کو بحرانی کیفیت سے دوچار کردیا تبدیلی سرکار کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے ملک کی تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر

اوتھل، پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارروائی چھالیہ، ایرانی ڈیزل اور دیگر اشیاء میڈیا کو دکھا رہے ہیں

پاکستان کوسٹ گارڈز کی اسمگلنگ کے خلاف مختلف کاروائیاں

چھالیہ، ایرانی ڈیزل اور دیگر غیر قانونی کروڑوں روپے کی اشیاء کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان کوسٹ گارڈز کی اسمگلنگ کے خلاف مختلف کاروائیاں، بھاری مقدار میں چھالیہ، ایرانی ڈیزل اور دیگر غیر قانونی کروڑوں روپے کی اشیاء کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ پاکستان کوسٹ گارڈز نے اپنے پریس ریلیز میں ماہانہ کارکردگی پیش کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان کوسٹ گارڈز کو خفیہ ذرائع سے اطلاع ملی کہ ضلع لسبیلہ، گوادر اور سپرمائی دے (کراچی) کے راستے سے بھاری مقدار میں چھالیہ، ایرانی ڈیزل اور متفرق اشیاء اسمگل ہونے کا خدشہ ہے۔ پاکستان کوسٹ گارڈز تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی نااہلی کے باعث شہری کیمیکل ملا زہریلا پانی پینے پر مجبور

واٹر چینل کا پانی آلودہ اور زہریلا ہوکر واٹر سپلائی کے تالابوں میں جاتا ہے جہاں سے یہی پانی گھروں تک پہنچتا ہے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی نااہلی کے باعث شہری کیمیکل ملا زہریلا پانی پینے پر مجبور ہیں جسکے باعث شہری ہیپاٹائٹس سمیت دیگر موذی امراض میں مبتلا ہوکر موت کے منہ میں چلے جارہے ہیں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے واٹر چینل میں روزانہ درجنوں لوگ کیمیکل زدہ صابن کیساتھ نہانے کپڑے برتن دھونے کیساتھ گاڑیوں کی بھی دھلائی کرتے تفصیل نمبر 58 صفحہ 3 پر

میونسپل کمیٹی اوستہ محمد میں مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل چیف آفیسر غائب

ملازمین کو چار ماہ سے تنخواہیں نہیں مل سکیں، شہر میں بارش کے بعد کیچڑ ہی کیچڑ وبائی بیماریوں کا خطرہ لاحق

اوستہ محمد (آن لائن) میونسپل کمیٹی اوستہ محمد میں مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل چیف آفیسر غائب، ملازمین کو چار ماہ سے تنخواہیں نہیں مل سکیں، شہر میں بارش کے بعد کیچڑ ہی کیچڑ وبائی بیماریوں کا خطرہ لاحق تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں اوستہ محمد میں طوفانی بارش کے بعد میونسپل کمیٹی اور سیاسی لوگوں کے دعوں کا پول فاش ہوگیا، محلوں گلیوں روڈوں پر پانی ہی تفصیل نمبر 62 صفحہ 3 پر

یونیورسٹی انتظامیہ جان بوجھ کر جامعہ کے ایمپلائز کو اپنے جائز حقوق سے محروم رکھا ہوا ہے، شاہ علی بگٹی

جامعہ کے اپنے ہی نوٹیفکیشن کے برعکس بائی ڈے الاؤنس سے محروم رکھا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے مجلس عاملہ کا ایک اجلاس زیر صدارت چیئرمین محمد اکرم منعقد ہوا اجلاس میں شاہ علی بگٹی صدر بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن نے خصوصی شرکت کی دیگر شرکاء میں عبدالوحید محمد حسنی، محمد ناصر نورزئی سمیت دیگر اراکین نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی انتظامیہ جان بوجھ کر جامعہ کے ایمپلائز کو اپنے جائز حقوق سے محروم رکھا ہوا ہے۔

حلقہ کوہنگ کے سیاسی و سماجی شخصیات نے ڈپٹی کمشنر قلات سے مذاکرات کے بعد روڈ بلاک ڈیڈ لائن ختم کردی

ڈپٹی کمشنر کی یقین دہانی کے بعد احتجاج میں نرمی لائینگے

قلات (آن لائن) حلقہ کوہنگ کے سیاسی و سماجی شخصیات نے ڈپٹی کمشنر قلات سے مذاکرات کے بعد روڈ بلاک ڈیڈ لائن ختم کردی ڈپٹی کمشنر کی یقین دہانی کے بعد احتجاج میں نرمی لائینگے تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی کوہنگ جو کہ مختلف گلیوں پر مشتمل شہر کی سب سے بڑی آبادی ہے گزشتہ کئی روز سے زندگی کے معمول کی سہولیات کی عدم دستیابی کی وجہ سے شہر کے مکین سیاسی و سماجی شخصیات کے ساتھ مل کر سراپا احتجاج پر تھے۔

جعلی لوکلز کی تحقیقات پہلی فرصت میں کی جائے، کاکڑ جمہوری پارٹی

دوسرے ملکوں کے طرز پر افغانستان کے ساتھ بھی ویزا اور پاسپورٹ کا سسٹم رائج کیا جائے

لورالائی (آن لائن) کاکڑ جمہوری پارٹی کے ضلعی رہنماؤں یوسف خان کاکڑ، عبدالستار خان کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں بلوچستان میں ڈومیسائل کی چھان بین کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ڈومیسائل کے ساتھ ساتھ ایک قوم پرست پارٹی نے لاکھوں غیر ملکیوں کے جعلی بوگس شناختی کارڈ اور لوکل بھی بنوائے ہوئے ہیں اور یہ افغان غیر ملکی جعلی لوکلز پر بلوچستان کی بڑی پوسٹوں پر فائز ہیں۔

وزیر اعلی بلوچستان جام کمال خان سے ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی سردار بابر خان موسی خیل کی قیادت میں ضلع موسی خیل کا وفد ملاقات کر رہا ہے

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر محمد عارف کا سوئی اور ڈیرہ بگٹی کا دورہ

132KV سوئی اور ڈیرہ بگٹی گرڈ اسٹیشنز کا معائنہ اور سوئی سب ڈویژن کا دورہ کیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عارف نے کہا ہے کہ صارفین کو بجلی کی سہولیات کی فراہمی، ریکوری اہداف کے حصول اور نادہندگان سے بقایاجات کی وصولی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوئی سب ڈویژن کے دورہ کے موقع پر کیسکو افسران اور ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چیف ایگز تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

قلات میں بجلی سہولت کی بجائے عوام کیلئے وبال جان بن گیا ہے، مبارک خان محمد حسنی

منگچر (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی صوبائی معاون کنوینر میر مبارک خان محمد حسنی۔ بکری بی بلش محمد حسنی۔ بکری عبدالسلام۔ عمرانی رئیس احمد نواز زہری نے ایک اخباری بیان میں کہا کہ قلات سینی کے دو گھنٹہ بجلی صبح 6 بجے سے 8 بجے تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر

بلوچستان نیشنل پارٹی کی تاریخ شہداء کے قربانیوں سے بھری پڑی ہے، حاجی غلام حسین بلوچ

بلوچ قوم اپنے شہداء کو فراموش نہیں کرسکتی جنکے بغیر حقوق کے حصول کی جنگ ادھورہ ہے

خاران (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی غلام حسین بلوچ نے شہداء بلوچستان ڈے کے موقع پر شہداء بلوچستان شہید نواب نوروز خان زہری چیئرمین شہید منظور بلوچ شہید گلزمین حبیب جالب بلوچ نورالدین مینگل شہید نواب امان اللہ خان زہری و دیگر شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان نیشنل پارٹی کی تاریخ شہداء کے قربانیوں سے بھری پڑی ہے جنہوں نے سرزمین بلوچستان کے حق حاکمیت اور بلوچوں کے حقوق کی جنگ لڑکر جام شہادت نوش کی جنکا فلسفہ تاقیامت پرہونا ممکن نہیں شہید گلزمین حبیب جالب بلوچ کے نظریات خیالات اور عملی زندگی نہ صرف بلوچستان کے محکوم عوام کیلئے بلکہ اس خطے کے تمام مظلوم قوموں کیلئے مشعل راہ ہیں۔ انکی لازوال تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

حکومت میں عوامی مسائل حل کرنے کی صلاحیت نہیں، مولانا عبدالغفور حیدری

ریاست مدینہ کی بات کرنے والے آج ریاست مدینہ چھوڑ کر مندر اور گرودوارے بنا رہے ہیں

بلاول بھٹو نے شروع میں ہی کہہ دیا تھا کہ موجودہ حکومت سلیکٹیڈ ہے، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت علماء اسلام

صوبائی مشیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ سے صوبائی وزیر زراعت زمرک خان اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ ریاست مدینہ کی بات کرنے والے آج ریاست مدینہ چھوڑ کر مندر اور گرودوارے بنا رہے ہیں جس سے ریاست مدینہ کی توہین ہورہی ہے جمعیت علماء اسلام نے روز اول سے کہا تھا کہ موجودہ حکومت میں عوامی مسائل حل کرنے کی صلاحیت نہیں پراشوٹ کے ذریعے آنے والے حکمرانوں نے عوام سے انتخابات سے قبل وعدے تو بہت کئے تھے مگر ان کو وفا کرنے کی صلاحیتیں ان میں موجود نہیں ہیں صدر مملکت آئینی سربراہ ہوتا ہے مگر بدقسمتی سے جب بھی موجودہ صدر کی خطاب سنتا ہے اس میں عوام کیلئے تفصیل نمبر 35 صفحہ 3 پر

میر زابد ریکی کی صورت میں واشک کو حقیقی لیڈر مل گئے، اہلیان واشک

منگچر (نامہ نگار) میر زابد ریکی کی صورت میں واشک کو حقیقی لیڈر مل گئے صدیوں برس بعد اہلیان واشک کو عوام دوست علاقہ دوست خادم ملا ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام قلات کے ضلعی رہنماء قبائلی شخصیت میر فاروق محمد حسنی مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد واشک تفصیل نمبر 53 صفحہ 3 پر

شعیب احمد محمد حسنی کو اسسٹنٹ کمشنر ماشکیل تعیناتی پر مبارک باد پیش کرتے ہیں، نصیر کبدانی

ماشکیل (آن لائن) ماشکیل کے سماجی کارکن نصیر کبدانی نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ شعیب احمد محمد حسنی کو اسسٹنٹ کمشنر ماشکیل تعیناتی پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ شعیب احمد محمد حسنی ایک نوجوان اور باکردار آفیسر ہے۔

دشمن کے ناپاک ارادے کبھی کامیاب نہیں ہونگے، میر حیر بیار خان ڈومکی

دکھ کی اس گھڑی میں ہم شہداء کی خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں

گندواو (نامہ نگار) ممتاز قبائلی رہنما سردار زادہ میر حیر بیار خان ڈومکی کا وادی کیچ کے قریب سیکیورٹی فورسز کی پٹرولنگ ٹیم پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی نے ثابت کردیا ہے کہ ان کا دین ایمان صرف پیسہ ہے۔ دہشت گرد شاید اس بات کو بھول گئے ہیں کہ اس وطن کی مٹی کو ہمارے آباؤ اجداد نے اپنے جانوں کا نذرانہ پیش کر حاصل کیا ہے اور اس کی بنیادوں میں ہمارے بزرگوں اور جوانوں تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے تمام اضلاع سے بنائے گئے جعلی ڈومیسائل کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے، عطاء اللہ کرد و دیگر

صوبے سے لاپتہ افراد کو بازیاب کرایا جائے، پاک سرزمین پارٹی کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاک سرزمین پارٹی کے رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے تمام اضلاع سے بنائے گئے جعلی ڈومیسائل کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے اور لاپتہ افراد کو بازیاب کرایا جائے۔ یہ بات پاک سرزمین پارٹی کے رہنماؤں عطاء اللہ کرد، حسن مینگل اور دیگر نے بدھ کو جعلی ڈومیسائل کے خلاف نکالی گئی ریلی کے شرکاء سے پریس کلب کے سامنے خطاب کرتے تفصیل نمبر 56 صفحہ 3 پر

نئے تعینات ڈی ایچ او ڈاکٹر نصر اللہ لانگو کی تعیناتی خوش آئند ہیں، حبیب شاکر محمد شہی عزیر محمد شہی

منگچر (نامہ نگار) بی اے پی گرانی کے رہنماؤں حبیب شاکر محمد شہی عزیر محمد شہی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ نئے تعینات ڈی ایچ او ڈاکٹر نصر اللہ لانگو کی تعیناتی خوش آئند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موصوف ایک مخلص ایماندار اور فرض تفصیل نمبر 57 صفحہ 3 پر

گزشتہ رات کی بارش نے شہر کا نقشہ ہی بدل دیا، فضل الہی بنگلزئی

نکاسی آب نہ ہونے کی وجہ سے بارش کے پانی کی وجہ سے شہر اور محلے سمندر کا شکل اختیار کرچکے ہے

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد کے ممتاز قبائلی رہنما و میونسپل کمیٹی اوستہ محمد کے سابق کونسلر فضل الہی بنگلزئی نے کہا ہے کہ گزشتہ رات کی بارش نے شہر کا نقشہ ہی بدل دیا نکاسی آب نہ ہونے کی وجہ سے بارش کے پانی کی وجہ سے شہر اور محلے سمندر کا شکل اختیار کرچکے ہے اوستہ محمد شہر لاوارثی کی نظر ہوچکا ہے اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے شہر کے اہم مسئلے پر کوئی توجہ نہیں جس سے شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہوچکا ہے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی اوستہ محمد کا دیدار بھی عوام کو نصیب نہیں میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں کی تنخواہیں کئی ماہ سے بند ہے۔

مارواڑ میں سانگرئی قبیلے کو انصاف دے کر ان کے لیز کھول دیئے جائیں، جاوید عزیز لہڑی

کو